

★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر:15 | ہفتہ 22 مارچ 2025ء 21 رمضان المبارک 1446ء 8 چیت 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ:230

85واں یوم پاکستان کل شایان شان طریقے سے منایا جائیگا

مسلح افواج کی طرف سے شاندار پریڈ کا انعقاد کیا جائے گا، ملک بھر میں سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کئے گئے ہیں

لاہور (این این آئی) 85واں یوم پاکستان کل 23 مارچ (اتوار) کو قومی جوش و جذبے، ملی حمیت اور شایان شان طریقے سے منایا جائے گا، اس دن کی مناسبت سے وفاقی و صوبائی دارالحکومتوں، تمام ڈویژنل و ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر خصوصی پروگرام منعقد کئے جائیں گے اور قومی پرچم لہرائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



لاہور: صدر نن لیب نواز شریف سے سپریم کورٹ بار کے صدر میاں رؤف عطاء ملاقات کر رہے ہیں

عوام سے اپیل ہے کہ درخت ضرور لگائیں، مریم نواز

چاہے اس کے سائے میں بیٹھنے کی توقع ہو نہ ہو، وزیراعلیٰ پنجاب کا بیان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ماحولیاتی آلودگی کو ختم کرنے اور آنے والی نسلوں کو صاف ستھرا ماحولیاتی نظام دینے کے لئے پرعزم ہے، عوام سے اپیل ہے کہ درخت ضرور لگائیں، چاہے اس کے سائے میں بیٹھنے کی توقع ہو نہ ہو۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)




روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
میاں محمد فیاض
چیف ایڈیٹر روزنامہ "قوت"
محمد اکرام اعوان
انچارج نمائندگان
رانا بدیع الزمان
نامہ نگار شیخوپورہ
رانا اکرم
بیورو چیف شیخوپورہ
بیورو چیف اور نامہ نگار شیخوپورہ کی جانب سے قوم
کو یوم پاکستان کے پرمسرت موقع پر دلی مبارکباد۔
ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ
ہر مہینہ کے پہلے اتوار کو لگایا جاتا ہے
زیر اہتمام:
آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن بھکی ضلع شیخوپورہ
رانا ٹریڈرز ریلوے روڈ شیخوپورہ
23 March
ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اور لیڈی ڈاکٹر منزہ منیب مریضوں کا معائنہ کرتے ہیں


روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
23rd MARCH
PAKISTAN DAY
اصغر علی ملک
محمد ارشد سندھو
(صدر پریس کلب)
ملک پرویز طاہر
خادم حسین
ملک وسیم
خرم صاحب
میاں محمد عمران
عبدالجبار چوہدری
محمد شاہد قادری
شائیگان پرویز ملک
ہم اصغر علی ملک کو جرات مندانہ صحافت
کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں
منجانب: مرکزی پریس کلب مصطفی آباد قصور (عہدیداران وارا کین)


DAILY QUWAT LAHORE
Pakistan Day
MARCH 23
مہرائے ڈی نسیم سپرا
ڈسٹرکٹ رپورٹر ساہیوال روزنامہ قوت لاہور


روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
میاں محمد فیاض
چیف ایڈیٹر روزنامہ "قوت"
نامہ نگار پھول نگر
خرم شہزاد بھٹی
محمد اکرام اعوان
انچارج نمائندگان
نامہ نگار پھول نگر خرم شہزاد بھٹی کی جانب سے
اہل وطن کو یوم پاکستان کے پرمسرت موقع پر
دلی مبارکباد۔
Pakistan Day


روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
23RD
MARCH 1940
PAKISTAN RESOLUTION DAY
یوم پاکستان
محمد عرفان گجر
نمائندہ روزنامہ قوت


روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
میاں محمد فیاض
چیف ایڈیٹر روزنامہ "قوت"
محمد اکرام اعوان
انچارج نمائندگان
چوہدری محمود
صدر مرکزی انجمن تاجران میاں چنوں کی جانب
سے اہل وطن کو یوم پاکستان کی مبارکباد۔
Pakistan Day

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 22 مارچ 2025ء

خوساختہ مہنگائی والے تاجر اور رعایت کے مستحق نہیں ایڈیشنل ڈپٹی ڈائریکٹر

ایسے دوکانداروں کے خلاف بلاتفریق اور سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائینگی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گورائیہ نے کہا ہے کہ غیر قانونی ذخیرہ اندوزی، مصنوعی اور خود ساختہ مہنگائی کرنے والے آڑھتی، تاجر اور دکاندار کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ایسے دوکانداروں کے خلاف بلاتفریق اور سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائینگی۔وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر رمضان المبارک میں مہنگائی پر قابو پانے اور اشیائے خورد ونوش کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پھل وسبزی منڈی کو لور روڈ کے دورہ کے موقع پر پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی اور قیمتوں کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سبزی منڈیوں سے لیکر عام مارکیٹ تک تمام اشیاء کی سپلائی، قیمتوں اور کوالٹی کو بھی مانیٹر کیا جارہا ہے۔ضلعی انتظامیہ اور مارکیٹ کمیٹی کے افسران کی نگرانی میں منڈیوں میں سبزیوں اور پھلوں کی نیلامی کے عمل کو یقینی بنایا جاتا ہے تاکہ کوئی بھی آڑھتی اپنی مرضی سے ریٹ مقرر نہ کر سکے۔جب منڈی میں نیلامی کا عمل شفاف ہوگا تو نرخ مناسب ہوں گے اور عام مارکیٹ میں بھی صارفین کو سستے پھل اور سبزیاں میسر ہوں گی

محکمہ جنگلات کے افسران کی جانب سے شجرکاری مہم کے سلسلہ میں پُروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں مہمان خصوصی ایکس MNA رانا محمد اسحاق خاں، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار نے شرکت کی



چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں محکمہ جنگلات کے افسران کی جانب سے شجرکاری مہم کے سلسلہ میں پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا محمد اسحاق خاں تھے شجرکاری مہم کا اہتمام DFO سید آغا کاظمین شاہ، SDO محمد سہیل ظفر اور انکی پوری ٹیم نے کیا تقریب میں مہمان خصوصی ایکس MNA رانا محمد اسحاق خاں، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک محمد آصف خاں، DDHO چونیاں ڈاکٹر سلیم الرحمان، MS ٹی ایچ کیو ہسپتال چونیاں ڈاکٹر محمد احمد گجر، CEO میونسپل کمیٹی چونیاں شیخ وقاص، اے ڈی ایل جی چونیاں زوہیب عباس سمیت، چیئرمین صاحبان و معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر رانا محمد اسحاق خاں نے تقریبی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج پوری دنیا میں جنگلات کا عالمی دن منایا جارہا ہے ہم نے بھی آج کے دن وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پلانٹ فار پاکستان اور سینئر جنگلات افسر محترمہ مریم اورنگزیب کی ہدایت پر چھانگا مانگا جنگل میں 60 ہزار پودے لگائے ہیں جبکہ پورے پنجاب میں 15 ملین پودے لگائے جارہے ہیں، چھانگا مانگا جنگل کی بحالی کا سہرا مسلم لیگ ن کی حکومت کو جاتا ہے کیونکہ گرین اینڈ کلین پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

رمضان المبارک کے آخری عشرہ اور عید کی آمد کے پیش نظر شہر بھر کے بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رمضان المبارک کے آخری عشرہ اور عید کی آمد کے پیش نظر شہر بھر کے بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ گیا جبکہ کپڑوں کی بھرمار شہریوں وتاجروں نے بازاروں میں پولیس اہلکار تعینات کرنے کا مطالبہ کردیا تفصیلات کے مطابق عید الفطر کے قریب آتے ہی شہر بھر کے مختلف بازاروں مسلم بازار، کچہری بازار، ریل بازار، قدافی مارکیٹ، چوڑی مارکیٹ، چوک جنوتھان، گلی جامع مسجد کھوکھر انوالی و دیگر بازاروں میں خریداری کیلئے آنے والے افراد وخواتین کا رش بڑھ گیا ہے رش کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جیب کتروں نے بازاروں کا رخ اختیار کر لیا ہے شہری وسماجی اور تاجر تنظیموں کے افراد نے ضلعی انتظامیہ اور ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد سے مطالبہ کیا ہے کہ رش والی جگہوں پر سیکورٹی اہلکار تعینات کئے جائیں۔

کیپٹن حسنین نے دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا

ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور وہ ہمیشہ ایک ہیرو کے طور پر زندہ رہیں گے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فرزند سیالکوٹ کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں جام شہادت نوش کرنیوالے پاک فوج کے بہادر افسر کیپٹن حسنین کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں کیپٹن حسنین نے دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور قوم کے لیے ایک عظیم مثال قائم کی۔ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور وہ ہمیشہ ایک ہیرو کے طور پر زندہ رہیں گے۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کیپٹن حسنین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اس غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج کے جوان ملک کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں اور اپنی جانوں کی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔

جس شخص نے کسی روزہ دار کو افطار کروایا تو اس شخص کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا: اسسٹنٹ ڈائریکٹر

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) اسسٹنٹ ڈائریکٹر دارالامان مس شاہدہ وارث نے کہا ہے کہ جس شخص نے کسی روزہ دار کو افطار کروایا تو اس شخص کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا ثواب روزہ دار کے لئے ہوگا اور روزہ دار کے اپنے ثواب میں سے کچھ بھی کمی نہیں کی جائے گی۔یہ بات انہوں نے دارالامان مس مقیم خواتین کو افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ رمضان میں ایک مسلمان کو اپنے غریب مسلمان بہن، بھائیوں کا خیال رکھنا چاہیے۔اس موقع پر سوشل ورکرز میڈم رشدہ امان اور میڈم مہ جبیل بھی موجود تھیں۔

اشجار انسان کے بہترین دوست اور خوشگوار ساتھی ہیں: احسان الحق

صحت مند اور پرفضا معاشرے کی تکمیل کے حوالے سے پنجاب حکومت کی طرف پلانٹ فار پاکستان مہم شروع کی گئی ہے



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماء پیر احسان الحق ادریس نے کہا ہے کہ اشجار انسان کے بہترین دوست اور خوشگوار ساتھی ہیں جو ماحول کو آلودگی سے پاک رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ صحت مند اور پرفضا معاشرے کی تکمیل کے حوالے سے پنجاب حکومت کی طرف پلانٹ فار پاکستان مہم شروع کی گئی ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال آرمی کونسل میں شجرکاری مہم کے تحت پودے لگانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کا شجرکاری مہم پر خصوصی توجہ دینا ایک احسن عمل ہے جو ہماری آنے والی نسلوں کو ماحولیاتی پیچیدگیوں سے بچائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے سابقہ دور بطور چیئرمین پی ایچ اے ساہیوال شجرکاری اور باغبانی پر خاص توجہ دی اور شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

رمضان المبارک برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے: سعید انصاری

اس ماہ میں اللہ تعالیٰ شیطان کو جکڑ لیتا ہے اور نہ صرف فرض نماز بلکہ نفلی نماز کا ثواب بھی بہت زیادہ ہو جاتا ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) رمضان المبارک برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے نماز تہجد خدا باری تعالیٰ کے نزدیک کرنی ہے سعید انصاری۔تفصیلات کے مطابق صدر مصطفائی تحریک صاحبزادہ سعید احمد انصاری نے نوجوان صحافی حافظ محمد وحید مبوہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک برکتوں رحمتوں اور خدا باری تعالیٰ کے نزدیک ہونے اور قرب حاصل کرنے کا مہینہ ہے اس ماہ میں اللہ تعالیٰ شیطان کو جکڑ لیتا ہے اور نہ صرف فرض نماز بلکہ نفلی نماز کا ثواب بھی بہت زیادہ ہو جاتا ہے اور خصوصاً تہجد کی نماز تک پہنچ جاؤ تو سمجھ لینا کہ اللہ نے قریب کر لیا ہے، کیوں کہ یہ وہ نماز ہے جو موذن کی اذان پر نہیں دل کی اذان پر پڑھی جاتی ہے تہجد فرض نہیں کی گئی، لیکن جب بندہ اللہ کی محبت کی تلاش میں اپنا بستر چھوڑ کر اس رب کے حضور سجدہ کرتا ہے تو فرش سے لے کر عرش تک اللہ کی رحمت اس بندے سے گفتگو کرتی ہے، بڑی کشش ہوتی ہے تہجد کے چھ سجدوں میں، یہ سجدے ہی بندے کو اللہ کی پہچان کرواتے ہیں، اللہ کریم تہجد کا قرب عطا فرمائے اور ہمیں پانچ وقت کا نماز کی اور رمضان المبارک میں اللہ پاک کی رحمتیں سمیٹنے والا بنائے آمین ثمہ آمین

ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند حوالاتی قیدی طبعی طور پر جاں بحق ہوگیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند حوالاتی قیدی طبعی طور پر جاں بحق ہوگیا اقبال نامی ملزم کی اچانک طبعیت خراب ہونے پر ڈی ایچ کیو ہسپتال شفٹ کیا جارہا تھا کہ مبینہ طور پر راستے میں ہی دم توڑ گیا تفصیلات کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ حوالاتی قیدی اقبال ملزم تھانہ بھوآنہ کے مقدمہ 9C کے جرم میں ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند تھا اس کی اچانک طبعیت خراب ہوئی تو جیل انتظامیہ نے فوری ریسپانس دیتے ہوئے ریسکیو 1122 کے ذریعے اسے ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ منتقل کیا جارہا تھا کہ اقبال ملزم راستے میں ہی دم توڑ گیا اس کی طبعی موت پر کچھ شر پسند لوگ نامعلوم وجوہات کی بنا پر حوالاتی ملزم اقبال کی موت کو غلط رنگ دے کر جیل انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

کمشنر دفتر میں پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت شجرکاری مہم کا افتتاح

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ایم پی اے محمد نواز چوہان کے ہمراہ ماحول دوست پودے لگانے کی ترغیب بھی دی



موسم بہار کی شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر ڈویژن میں 30 ہزار پودے لگانے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شجرکاری صرف ایک مہم نہیں مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تمام محکموں کے افسران سمیت تمام شہری شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو صاف ماحول کی فراہمی کیلئے تمام مکاتب فکر کو اپنی قومی ذمہ داری نبھانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تغیر ہم سب کا مسئلہ ہے۔شہری اپنے گھر، دفتر میں شجرکاری کر کے حکومت کا ساتھ دیں، انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہم کے دوران ڈویژن بھر میں 3 لاکھ 60 ہزار سے زائد پودے لگائے جائینگے۔ڈی پی او مشرز محمد نواز نے کہا کہ شجرکاری کیساتھ ساتھ پودوں کی حفاظت بارے نظام وضع کیا جارہا ہے اس سے شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے میں مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ وطن عزیز میں گرین کور میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ضلع کو گلین اینڈ گرین بنانا میرا عزم ہے۔اس موقع پر ایم پی اے محمد نواز چوہان نے کہا کہ پچھلی حکومتوں نے شجرکاری پر توجہ نہیں دی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے رواں سال صوبہ بھر میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا ہے تاکہ وطن عزیز کو حقیقی معنوں میں صاف ستھرا بنایا جاسکے تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی وترقی اور شجرکاری مہم کی کامیابی کے لیے دعا کی گئی۔

موٹروے پولیس بیٹ 10 گوجرانولہ اور ریسکیو 1122 کی مشترکہ مشقیں

گوجرانولہ (رانا ظفر اقبال) افسران بالا کی ہدایت کے پیش نظر کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بیٹ 10 گوجرانولہ اور ریسکیو 1122 گوجرانولہ نے مشترکہ مشقیں کیں۔ان مشقوں میں بالخصوص روڈ پر گاڑیوں کے جلنے، آئل ٹینکرز سے فیول کی لیک ہونے اور روڈ حادثات کے واقعات شامل ہیں۔ ان مشترکہ مشقوں کا مقصد روڈ پر ہونے والے حادثات میں نقصان کو کم سے کم کرنا اور بروقت ریسکیو کرنا ہے۔ان مشقوں کی سربراہی ایس ایس پی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس سیکٹر نارتھ تھری فرخ رضا نے کی، موقع پر میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے سیکٹر کمانڈر نے کہا کہ اس طرح کی مشقیں عوام میں شعور بیدار کرتی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آئل ٹینکرز بریک ڈاؤن ہونے کی صورت میں صورتحال بہت زیادہ حساس ہو جاتی ہے۔لہذا عوام کو ایسی صورتحال میں قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی کھلی کچہری

کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج کمپلینٹ سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد نقوی شاہراہ قائد اعظم روڈ چنیوٹ، جامعہ مسجد فردوس محلہ گرین ٹاؤن، چنیوٹ میں کھلی کچہریاں لگائیں۔کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج کمپلینٹ سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔سیرل ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں نماز جمعہ کے موقع پر کھلی کچہریاں لگائیں، لوگوں کے مسائل سنے۔مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو ادائیگی بنانے کی ہدایت کی۔کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی ادائیگی یقینی بنوا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شہر کا کوریفنگ دی۔ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر ان کرنل کہے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔

زائد پودے لگائے جائیں گے۔ڈی پی او

موسم بہار کی شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر ڈویژن میں 30 ہزار پودے لگانے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شجرکاری صرف ایک مہم نہیں مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تمام محکموں کے افسران سمیت تمام شہری شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو صاف ماحول کی فراہمی کیلئے تمام مکاتب فکر کو اپنی قومی ذمہ داری نبھانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تغیر ہم سب کا مسئلہ ہے۔شہری اپنے گھر، دفتر میں شجرکاری کر کے حکومت کا ساتھ دیں، انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہم کے دوران ڈویژن بھر میں 3 لاکھ 60 ہزار سے زائد پودے لگائے جائینگے۔ڈی پی او مشرز محمد نواز نے کہا کہ شجرکاری کیساتھ ساتھ پودوں کی حفاظت بارے نظام وضع کیا جارہا ہے اس سے شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے میں مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ وطن عزیز میں گرین کور میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے ضلع کو گلین اینڈ گرین بنانا میرا عزم ہے۔اس موقع پر ایم پی اے محمد نواز چوہان نے کہا کہ پچھلی حکومتوں نے شجرکاری پر توجہ نہیں دی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے رواں سال صوبہ بھر میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا ہے تاکہ وطن عزیز کو حقیقی معنوں میں صاف ستھرا بنایا جاسکے تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی وترقی اور شجرکاری مہم کی کامیابی کے لیے دعا کی گئی۔

رورل ہیلتھ سینٹر چھانگا مانگا میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر شجرکاری مہم کا آغاز

تقریب میں محکمہ جنگلات کے افسران، مقامی رہائشیوں میں رائے محسن کھرل نے خصوصی شرکت کی



چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) رورل ہیلتھ سینٹر چھانگا مانگا میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر شجرکاری مہم کا آغاز باقاعدہ شجرکا کر کیا گیا رائے حسن کھرل نے خصوصی شرکت کی تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق محکمہ جنگلات کی جانب سے عالمی یوم جنگلات 2025 کے موقع پر خصوصی شجرکاری مہم کا آغاز کیا گیا اس سلسلے میں DFO آغا کاظمین شاہ SDFO سہیل ظفر کے حکم پر ڈی او ریج چھانگا مانگا کے رینج آفیسر رانا جمیل کی قیادت میں رورل ہیلتھ سینٹر چھانگا مانگا میں پودے لگائے گئے تقریب میں محکمہ جنگلات کے افسران، مقامی رہائشیوں میں رائے محسن کھرل نے خصوصی شرکت کی، اس کے علاوہ ہیلتھ سینٹر کے عملے اور طلبہ نے بھی شرکت کی۔ ریج آفیسر رانا جمیل نے اس موقع پر کہا کہ شجرکاری نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کے لیے ضروری ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایک محفوظ اور صحت مند مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور ان کی دیکھ بھال کریں تاکہ فضائی آلودگی پر قابو پایا جاسکے اور قدرتی حسن کو بحال رکھا جاسکے۔شرکاء نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ درخت لگانے سے نہ صرف ماحول میں بہتری آئے گی بلکہ گرمی کی شدت میں بھی کمی واقع ہوگی۔تقریب کے آخر میں خصوصی دعا کی گئی اور مزید شجرکاری مہم کو فروغ دینے کا عزم کیا گیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا سستے رمضان بازار کا دورہ، سہولیات کا جائزہ لیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیصل سلطان نے وزیر آباد میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے رمضان ریلیف پروگرام کے تحت قائم کئے گئے سہولت رمضان بازار کا معائنہ کیا، تمام سٹالز پر اشیائے خورد ونوش کا وافر سٹاک اور معیاری اشیاء کی فروخت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کہا کہ تمام سٹالز پر متعلقہ اشیاء کے نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں اور اس امر کو بھی یقینی بنایا جائے اور کسی بھی سٹال پر ناقص اور غیر معیاری اشیاء فروخت نہ کی جائیں۔ انہوں نے سہولت رمضان بازار میں تمام سٹالز کا معائنہ کیا اور دوکانداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ رمضان المبارک کے دوران جائز منافع میں بھی کمی کرتے ہوئے صارفین کو اشیائے ضروریہ سستے داموں فروخت کریں تاکہ کم آمدن والے افراد بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔انہوں نے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بازار میں تمام ضروری سہولیات جن میں بیٹھنے کا اہتمام اور خواتین اور بزرگوں کو ترجیحاً اشیاء کی فراہمی کا میکنیزم اور اشیاء کے معیار اور قیمتوں سے متعلق شکایات کے اندراج اور ازالہ کے لیے شکایت سیل آپریشنل رکھا جائے تاکہ حکومتی سہولتی اور اس کے ثمرات عوام تک منتقل کیے جاسکیں۔

تحریک ادب القران ٹرسٹ رجسٹرڈ کی جانب سے فوارہ چوک ضلع جھنگ میں کیمپ لگایا گیا

جس میں تقریباً دو ہزار سے زائد قران پاک، اسلامی کتب اور احادیث مبارکہ فی سبیل اللہ تقسیم کی گئیں



جھنگ (بیورو رپورٹ) تحریک ادب القران ٹرسٹ رجسٹرڈ کی جانب سے فوارہ چوک ضلع جھنگ میں کیمپ لگایا گیا جس میں تقریباً دو ہزار سے زائد قران پاک، اسلامی کتب اور احادیث مبارکہ فی سبیل اللہ تقسیم کی گئیں۔تقریب کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر نے اپنے دست مبارک سے خواتین وحضرات میں قران پاک تقسیم کر کے کیا۔تقریب میں ضلعی صدر لیبر چوہدری تنویر احمد، ضلعی صدر انجمن تاجران حاجی دلدار، حاجی اشتیاق، حاجی ظفر، حاجی ملک ہاشم، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پھل وسبزی منڈی کو لور روڈ کے دورہ کے موقع پر پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی اور قیمتوں کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سبزی منڈیوں سے لیکر عام مارکیٹ تک تمام اشیاء کی سپلائی، قیمتوں اور کوالٹی کو بھی مانیٹر کیا جارہا ہے۔ضلعی انتظامیہ اور مارکیٹ کمیٹی کے افسران کی نگرانی میں منڈیوں میں سبزیوں اور پھلوں کی نیلامی کے عمل کو یقینی بنایا جاتا ہے تاکہ کوئی

افغان مہاجرین کو پاکستان سے نکالنے کی ڈیڈ لائن 31 مارچ، افغانیوں کے انخلاء کیلئے منصوبہ تیار

ڈیڈ لائن میں توسیع کی بات پر واضح انکار، کرایہ دار، مزدور، بھٹی لیبر اور کاروباری ACC کارڈ ہولڈرز افغانیوں کی سکریننگ کی جائے گی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) 31 مارچ کے بعد پاکستان بھر میں رہنے والے سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 8 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو ان کے وطن واپس بھیجنے کیلئے منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے، جس کے تحت کرایہ دار، مزدور، بھٹی لیبر اور کاروباری افغان مہاجرین کی باقاعدہ سکریننگ کی جائے گی، 31 مارچ کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد ACC کارڈ ہولڈر افغانی باشندوں کو نکالا جائیگا، افغان مہاجرین کی واپسی کیلئے باقاعدہ پلان تشکیل دیدیا گیا ہے جس پر یکم اپریل سے عملدرآمد شروع کیا جائیگا، میڈیا رپورٹس کے مطابق افغان سٹیزنز کارڈ ACC رکھنے والوں کی مکمل تفصیلات اکٹھی کرلی گئی ہیں، کرایہ، مزدور، دیہی علاقوں میں جھگیاں لگا کر رہنے والے اور کاروباری افغان باشندوں کی سکریننگ کی جائے گی، 31 مارچ کے بعد ACC کارڈ ہولڈرز افغانیوں کو ملک سے نکالا جائیگا، سرکاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں افغان سٹیزنز کارڈ رکھنے والے افغانی مہاجرین کی تعداد 8 لاکھ 80 ہزار ہے، واضح رہے کہ وفاقی حکومت اور وزارت سفیران پہلے ہی افغانیوں کے پاکستان سے انخلاء کی ڈیڈ لائن میں کسی قسم کی مہلت دینے سے صاف انکار کر چکی ہیں، یکم اپریل سے سخت کارروائی شروع کر دی جائے گی۔

نارنگ کے نواحی دیہات میں حالیہ بارشوں ژالہ باری سے گندم کی فصل کو ہونے والے نقصان کا ازالہ ممکن بنائیں گے

ڈی جی زراعت پنجاب عبدالحمید گجر نے خود بھی متاثرہ علاقہ کا دورہ کیا اور فوری طور پر سروے مکمل کر کے رپورٹ جمع کروانے کا حکم دیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ کے نواحی دیہات میں حالیہ بارشوں ژالہ باری سے گندم کی فصل کو ہونے والے نقصان کا ازالہ ممکن بنائیں گے، مقامی سیاسی نمائندوں نے اسمبلی فلور پر بھی آواز اٹھائی ہے، جس پر ڈی جی زراعت پنجاب عبدالحمید گجر نے خود بھی متاثرہ علاقہ کا دورہ کیا اور فوری طور پر سروے مکمل کر کے رپورٹ جمع کروانے کا حکم دیا گیا اسسٹنٹ ڈائریکٹر ملک فاروق کی میڈیا نمائندگان سے گفتگو میں کہنا تھا تاریخ کی شدید ترین ژالہ باری نے گندم کی فصل کو تباہ کر دیا جو اس قابل بھی نہیں رہی کہ مویشیوں کے لئے بھی استعمال کی جاسکے متاثرہ اراضی تقریباً 38 ہزار ایکڑ کے قریب ہے مقامی سیاسی نمائندوں کی طرف سے اسمبلی فلور پر اس اہم مسئلے کی طرف توجہ دلائی گئی کہ کسان زمیندار کی مالی معاونت کی جائے جس پر ڈی جی زراعت پنجاب عبدالحمید گجر نے خود متاثرہ دیہات میں تباہ حال گندم فصل کا جائزہ لیا ہے اور حکم دیا گیا کہ جلد تمام سروے مکمل کر کے رپورٹ جمع کرائی جائے تاکہ جلد از جلد کسان زمینداروں کے نقصان کا ازالہ ممکن ہوسکے ملک فاروق کا کہنا تھا کسان زمیندار کا کروڑوں کا نقصان ہوا ہے ہم بھی چاہتے ہیں کہ جلد از جلد مالی امداد فراہم کی جائے۔

ایس ای مدثر علی شیخ کی سربراہی میں بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای مدثر علی شیخ کی سربراہی میں بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا، واں ماہ کے دوران 51 بجلی چوروں کو پکڑ کر بھاری جرمانے کے ساتھ مقدمات درج کروا دیے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق ایس ای ٹیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کی ہدایات کی روشنی میں تین ڈویژنوں اور سولہ سب ڈویژنوں میں بجلی چوری کے سدباب کے لیے بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے دوران چیکنگ مختلف طریقوں سے بجلی چوری کرنیوالے 51 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا ہے اور 81 ہزار 850 یونٹس چوری کرنیوالے بجلی چوری میں ملوث بجلی چوروں کو 17 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور جملہ بجلی چوروں کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج کروا دیے گئے ہیں۔

جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر ضلع ننکانہ صاحب میں گرینڈ شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے ننکانہ بائی پاس پر 500 پودے لگا کر پلانٹ فار پاکستان مہم کا افتتاح کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر ضلع ننکانہ صاحب میں گرینڈ شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے ننکانہ بائی پاس پر 500 پودے لگا کر پلانٹ فار پاکستان مہم کا افتتاح کیا۔شجرکاری مہم کی پروقار تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، تمام ضلعی افسران، صحافی برادری سمیت شہریوں اور سکول کے بچوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنر، ضلعی افسران، صحافی برادری، سکول کے بچوں اور موجود شہریوں نے بھی اپنے اپنے حصے کے پودے لگائے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شجرکاری مہم کے تحت ضلع میں 30 اقسام کے پھلدار اور پھولدار پودے لگائے جارہے ہیں، تمام ضلعی اداروں کو پودے لگانے اور ان کی پرورش کا ٹارگٹ دے دیا گیا ہے جبکہ ضلع کی تمام شاہرات، کالجز، ہسپتالوں اور ضلعی دفاتر میں پودے لگائے جارہے ہیں۔ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ شجرکاری مہم کا دائرہ کار یونین کونسل کی سطح تک بڑھایا گیا ہے جبکہ ہاؤسنگ سوسائیٹز، پٹرول پمپس، بھٹہ جات اور فیکٹریز کے اردگرد بھی بھرپور شجرکاری کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لینڈ پر شجرکاری کرنا لازم ہو گی، اسسٹنٹ کمشنرز عملدرآمد یقینی بنائیں گے، ضلعی انتظامیہ رواں سیزن میں 01 لاکھ 54 ہزار پودے لگانے کا ٹارگٹ مکمل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز وضلعی افسران پلانٹ فار پاکستان کے تحت بھرپور شجرکاری کریں، ہر پودے کا جیوٹیگڈ ڈیٹا بھی اپلوڈ کیا جائے۔

کم سن گھریلو ملازم کی تشدد زدہ ویڈیو وائرل ہونے کا معاملہ

سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے فوری نوٹس لے لیا: ایس پی سول لائن ڈویژن سے رپورٹ طلب اور

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ملکی افق پر آمریت کے منڈلاتے بادل

حکومت نے دہشت گردی کے خلاف یک آواز ہونے کے لیے قومی اسمبلی کی سکیورٹی کمیٹی کا اجلاس بلایا تھا جس میں عسکری قیادت نے بھی شرکت کی۔ تاہم تحریک انصاف اور متعدد دیگر اپوزیشن پارٹیوں کی عدم شرکت سے قومی یکجہتی کا تاثر قوی نہیں ہوسکا۔ یہ ہی واضح ہوا کہ دہشت گردی کے خلاف سب سیاسی عناصر مل کر ایک ہی حکمت عملی اختیار کرنے پر تیار ہیں۔ تحریک انصاف نے ایک روز قبل اس اہم اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا تاہم اجلاس سے پہلے اچانک اس فیصلہ کو تبدیل کرتے ہوئے بتایا گیا کہ عمران خان کو پیرول پر رہا کرکے اجلاس میں مدعو نہ کرنے کی وجہ سے تحریک انصاف اور اس کی حمایت کرنے والی سیاسی جماعتوں نے اجلاس میں شریک نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ سیاسی طور سے یہ غلط اور قومی مفاد کے برعکس فیصلہ تھا لیکن یوں معلوم ہوتا ہے کہ عمران خان ہر موقع کو اپنی رہائی اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف منعقد ہونے والے اجلاس میں ملک کی سب سے بڑی پارٹی کی عدم شرکت سے سیاسی تقسیم گہری ہوگی اور جمہوری ادارے کمزور ہوں گے۔ عمران خان کی مسلسل حراست ایک سنگین اور پریشان کن مسئلہ ہے لیکن تحریک انصاف کو ان کی رہائی کے سوال کو قومی سلامتی و سیاسی مفاہمت کے معاملات سے منسلک کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اس سے پہلے عمران خان کی رہائی ہی کے سوال پر تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ شروع ہونے والے مذاکرات کا بائیکاٹ کیا تھا۔ اور اب دہشت گردی کی سنگین صورت حال میں پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کا بائیکاٹ کرکے تحریک انصاف نے قومی منظر نامہ پر خود کو مزید تنہا کیا ہے۔ اس دوران پارٹی سے منسلک عناصر فوج کے خلاف اور بلوچستان میں دہشت گردی کا ارتکاب کرنے والے عناصر کی حمایت میں سوشل میڈیا پر بیانیہ بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ یہ حکمت عملی ملکی سیاست کو جامد اور جمہوری راستہ مسدود کرنے کا سبب بنے گی۔ یوں لگتا ہے کہ عمران خان اب بھی کسی عوامی انقلاب کی امید کررہے ہیں جو نہ صرف ان کی رہائی بلکہ ان کی اقتدار میں واپسی کا راستہ ہموار کرے گا۔ تاہم اس مقصد کے لیے اگر فوج میں انتشار ڈالنے کی ویسی ہی منصوبہ بندی کی جارہی ہے جو سانحہ 9 مئی کے وقت کی گئی تھی تو اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔

تحریک انصاف قومی اسمبلی میں سب سے بڑی تنہا پارٹی کی حیثیت رکھتی ہے۔ قومی سلامتی کے ان کیمرا اجلاس میں شریک ہوکر اس کے نمائندے اپنا موقف پیش کرسکتے تھے اور اس تاثر کو بھی قوی کرسکتے تھے

اتفاق میں ہی اتفاق نکلا

صحافت ایک مقدس پیشہ ریاست کا چوتھا ستون معاشرے کی انکھ کہلواتا ہے لیکن جہاں بھی اس صحافی برادری کو دیکھا اکثر ٹوٹ پھوٹ کا شکار نظر ائی چھوٹے سے چھوٹے شہر میں بھی چار پانچ پریس کلب ہمیں دکھائی دیے اور ہم اندازہ ہی نہیں لگا سکتے کہ ان میں کون جرنلسٹ ہے اور کون نہیں کون حق کی جنگ لڑ رہا ہے اور کون معاشرے میں ظالموں کا ساتھ دیتا ہوا نظر ارہا ہے لاہور سے اسلام اباد اور اسلام اباد سے کراچی تک صحافت میں دھڑے نظر اتے ہیں اور ہر کوئی اپنے اپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے اپنا نعرہ لے کر سامنے ایا ہوا ہے صحافی کو مارنے کے لیے کوئی باہر سے نہیں اتا بلکہ یہ خود ایک دوسرے کا گریبان چاک کرتے ہیں ایک دوسرے کے کپڑے اتارتے ہیں اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے معاشرے کے ناسوروں سے مل کر اپنے اپ کو تباہ کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں لیکن اس وقت میری خوشی کی انتہا نہ رہی جب میری نظر ایک تصویر پر پڑی اس تصویر میں کھاریاں پریس کلب کے صدر حاجی عبدالرؤف اتفاق پریس کلب کھاریاں کے صدر بہلول مرتضی اور گلیانہ پریس کلب کے صدر مصدق عزیز ایک جگہ خوش اسلوبی سے کھڑے نظر ائے اور معلوم کرنے پر پتہ یہ چلا کہ یہ ایک اتحادی گروپ ہے پریس کلب اپنے اپنے نام اپنا اپنا لیکن اتحاد قائم ہے اور یہ سب اپنے اپ کو صحافی ہی نہیں مانتے بلکہ دوسرے کے وجود کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور اس اتحاد میں جو سب سے پہلے عہد کیا گیا ہے کہ ہم نے معاشرے کے ناسوروں کو ختم کرنا ہے ہم نے بلیک میلنگ کو ختم کرنا ہے ہم نے صحافت میں جعل سازی کو ختم کرنا ہے صحافت میں جو ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالتے ہیں ہم نے ایسا کام کرنے والوں کے خلاف جنگ لڑنی ہے جب تک ہمارے اپنے گھر مضبوط نہیں ہوں گے ہم معاشرے کی مضبوطی کے لیے کبھی جنگ نہیں لڑ سکتے اور معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ یہ ایک اتحادی گروپ ہے تین صدور کا اپس میں بغل گیر ہونا تین پریس کلب



کا اپس میں اتحاد کرنا اس بات کی دلیل تھی کہ صحافت مضبوط ہونے جا رہی ہے رقم نے پوری دلچسپی لیتے ہوئے ان تین پریس کلبوں کے متعلقہ سوچا اور اتفاق پریس کلب کے بانی محمد سلیمان قادری سے گفتگو کی اور ان سے پوچھا کہ اپ نے کیا سوچ کر اتنا بڑا قدم اٹھایا ہے وہیں پر اتفاق پریس کلب کے صدر بہلول مرتضی اور سیکٹری جنرل بابر چودری بھی موجود تھے تو تینوں عہدے دوران نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے مثبت صحافت کو عام کرنا ہے ہم نے معاشرے میں بہتری لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے ہماری اپس میں تو کوئی جنگ نہیں ہے تو پھر کیوں نہ ہم ایک جگہ پہ اکٹھے ہوکر معاشرے کی بہتری کے لیے کوئی بہتر کام کر جائیں اتفاق پریس کلب کے صدر ایک خوبرو اور ایک با اخلاق نوجوان تھے انہوں نے اپنی بات کو اگے بڑھاتے ہوئے کہا یہ کھاریاں شہر ہے اگر ہمارے بس میں ہو تو ہم پورے پاکستان میں جا کر یہ کمپین چلائیں کہ خدا کے واسطے صحافی ایک ہو جاؤ ایک گٹھ جوڑ کر کے پاکستان کی بہتری کے لیے کام کرو بڑی بے تابی کے ساتھ بہلول مرتضی اپنی بات کررہے تھے کہ درمیان میں بابر چوہدری نے بات کو کاٹتے ہوئے معذرت کے ساتھ کہا قلم کے تقدس کو بحال رکھنا بڑا مشکل کام ہے اس دور میں یہ پیغمبروں کا شیوہ ہے اور اس کی پاکیزگی کو برقرار رکھنے کے لیے ہمیں دن رات جنگ لڑنی ہوگی تحصیل کھاریاں میں اتفاق پریس کلب نے اتفاق کی جو رسم ڈالی ہے انشاء اللہ تعالی اخری سانس تک کھاریاں پریس کلب اور گلیانہ پریس کلب کے ساتھ مل کر ہم بہتر کام کرتے ہوئے نظر ائیں گے محمد سلیمان قادری نے کہا کہ میں نے 2015 میں یہ پودا لگایا تھا اتفاق پریس کلب کی صورت میں اج الحمدللہ پنجاب پورا جانتا ہے کہ کھاریاں میں اتفاق پریس کلب ایک خوبصورت پریس کلب ہے اور کھاریاں پریس کلب کے صدر حاجی عبدالراؤف ان کے سرپرست اعلی حاجی ملک شبیر اعوان اور سیکرٹری جنرل افتاب نظریا دیگر جتنے بھی عہدے دران ہیں سب کے سب تعاون کرنے والے ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ انشاء اللہ تعالی یہ تعاون ہمیشہ جاری رہے گا اور رہی گلیانہ پریس کلب کی بات تو مصدق عزیز سے لے کر نیچے تک جتنی بھی صحافت وہاں پر موجود ہے نوجوان قیادت ہے اور مسائل کو سمجھنے والے لوگ ہیں اور انہوں نے ہمارے ساتھ مل کر جو عہد کیا ہے ہم اس عہد کو اخری سانس تک نبھانے کی کوشش کریں گے بانی محمد سلیمان قادری نے کہا کہ ہمارے سرپرست اعلی مدثر بٹ سرپرست گلزار نوشی چیئرمین شہزادہ سلیم خلجی اور دیگر عہدے دوران جو ہیں وہ سب کے سب ورکر لوگ ہیں اور ہمارے اس اتفاق میں ہمارے ساتھ اس قدر تعاون کیا ہوا ہے سب نے کہ ہم ایک اواز پر سب مل کر کسی بھی معاملے کو وقت سے پہلے سلجھانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں

سموگ کے تدارک کے لیے رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی کی قابل تحسین کاوشیں



تحریر: پروفیسر ناصر بشیر

سموگ کو زمینی اوزون بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسی بھاری اور سرمئی دھند کی تہ کی مانند ہوتی ہے جو ہوا میں جم جاتی ہے۔ سموگ میں موجود دھویں اور دھند کے اس مرکب یا آمیزے میں کاربن مونو آکسائیڈ، نائیٹروجن آکسائیڈ اور میتھین جیسے مختلف زیریلے کیمیائی مادے بھی شامل ہوتے ہیں۔ فضائی آلودگی سموگ کا بڑا سبب ہے جوں ہی درجہ حرارت میں کمی ہوتی ہے تو گرم ہوا اوپر جانے کی بجائے فضا میں معلق ہوجاتی ہے اور اس میں بھوسے اور کوڑا کرکٹ جلنے سے پیدا ہونے والے ذرات اور گاڑیوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھویں سے پیدا ہونے والی گیسز اور ذرات فضا میں ٹھہر جاتے ہیں جس سے فضا نیچے سے اوپر تک آلودہ ہو جاتی ہے۔ صبح سویرے تو حدِ نگاہ تک فضا آلودہ دکھائی دینے لگتی ہے۔ پاکستان میں سموگ ایک نئی آفت ناگہانی ہے جو ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس کی جو وجوہ ابھی تک سامنے آئی ہیں ان میں فصلوں کی باقیات کو نذرِ آتش کرنا، جنگلات کا کٹاؤ؟ اور دھواں خارج کرنے والی گاڑیاں اہم ہیں۔ ہمارے ہاں آج بھی فصلوں کی کاشت پرانے اور روایتی طریقوں سے ہوتی ہے۔ ایک فصل کی کٹائی کے بعد کھیتوں میں بہت سی باقیات رہ جاتی ہیں جب تک ان باقیات کو تلف نہ کیا جائے تب تک اگلی فصل کاشت نہیں ہوسکتی۔ ترقی یافتہ ممالک فصلوں کی کٹائی کے لیے جدید طریقے استعمال کرتے ہیں اس لیے وہاں باقیات کو آگ لگانے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں شجرکاری کے شعور کے باوجود جنگلات کو تیزی سے کاٹا جارہا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ یہاں بارشیں روٹھ گئی ہیں۔ گرمی کی شدت میں اضافہ ہورہا ہے۔ اکتوبر، نومبر اور مارچ اپریل میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہوجاتا ہے اور ہر طرف سموگ کا راج ہوتا ہے۔ ہماری سڑکوں پر ایندھن سے چلنے والی گاڑیوں کی تعداد میں بھی روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ حکومت دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے لیے اپنی سی کارروائی تو کرتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ سموگ پر تاحال قابو نہیں پایا جاسکا۔ سموگ سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہمارے ہاں کھانسی اور الرجی کے مریضوں کی تعداد میں مسلسلہ اضافہ ہورہا ہے۔ دمہ پھیل رہا ہے۔ آنکھوں کے امراض بھی شدید ہوتے چلے جارہے ہیں۔ ہمارے ہاں سموگ سے بچاؤ؟ کے لیے عوام کو کوئی حفاظتی تدابیر بتائی جاتی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ماسک لگا کر گھر سے باہر نکلیں۔ پانی زیادہ پیا جائے۔ باہر سے آتے ہی تازہ پانی سے چہرے اور آنکھوں کو دھولیا جائے۔ کھیتوں کی باقیات کو آگ نہ لگائی جائے، کوڑا کرکٹ جلایا نہ جائے، گاڑیوں کی مرمت بروقت کرائی جائے۔ یہ سب کچھ کرنے کے باوجود ہمارے ہاں سموگ پر مکمل قابو نہیں پایا جاسکا۔ ماحولیات کا محکمہ سرگرم ہوتا ہے لیکن جب تک خود عوام اس سلسلے میں آگے نہیں آئیں گے تب تک اس مسئلے پر قابو پانا مشکل دکھائی دیتا ہے۔ ان حالات میں رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی نے آگے بڑھ کر سموگ کے خلاف برسرِ عمل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی (آر۔سی۔ڈی۔ایس) کے بانی محمد مرتضیٰ کھوکھر ہیں اور اس کے مینجنگ ڈائریکٹر قیصر اقبال ہیں۔ قیصر اقبال ایک پڑھے لکھے آدمی ہیں۔ انگریزی، سیاسیات اور سوشل ورک میں ایم اے کرچکے ہیں۔ اپنی سوسائٹی کے بانی محمد مرتضیٰ کھوکھر کے وژن کے مطابق سوسائٹی کو لے کر چلتے ہیں اور جو ٹارگٹ طے کیے جاتے ہیں ان تک پہنچنے کے لیے پرخلوص کوشش اور کاوش کرتے ہیں۔ دیہاتی علاقوں میں اس سوسائٹی کی خدمات اور کاوشیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ غریب مردوں اور خواتین کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں انھوں نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب یہ سوسائٹی سموگ کا مقابلہ کرنے کے لیے میدانِ عمل میں نکلی ہے۔ اس ضمن میں انھیں ایک نہایت شان دار، فعال اور پُرعزم ٹیم میسر ہے جس میں مختار علی کپری، مس رِدا، مس مہ وش، مس وحید، مس شازیہ نمایاں ہیں۔ قیصر اقبال نے آر۔سی۔ڈی۔ایس میں نچلی سطح یعنی سوشل موبلائزر انچارج سے کام کا آغاز کیا۔ پھر پروگرام منیجر، ڈسٹرکٹ منیجر اور ریجنل منیجر بنے اور آج اس کے ایم۔ڈی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کی یہ ترقی سوسائٹی کے بانی محمد مرتضیٰ کھوکھر کی راہ نمائی کا نتیجہ ہے۔ چند ہفتے قبل مجھے قیصر اقبال صاحب کا فون آیا اور کہنے لگے کہ میں نے آپ کی سموگ کے حوالے سے ایک نظم پڑھی ہے جس کے دو اشعار بھی انھوں نے سنائے: دھویں اور دھند کے گٹھ جوڑ سے سموگ بنتی ہے تبھی تو زندگی لاہور میں اک روگ بنتی ہے ملوں کی چمنیاں آب و ہوا کو چاٹ جاتی ہیں نسیم صبح کو بادِ صبا کو چاٹ جاتی ہیں انھوں نے مجھے ملاقات کرنے کو کہا۔ چنانچہ میں کافی کا ایک کپ ان کے ساتھ نوش کرنے کے لیے رحمٰن گارڈن میں واقع ان کے دفتر جا پہنچا۔ باتوں باتوں میں انھوں نے بتایا کہ جرمنی کا ایک ادارہ ہنگر ہلفے ویلٹ Welthungerhilfey سموگ کے تدارک کے لیے دنیا کے آٹھ ملکوں میں مسلسل سرگرمِ عمل ہے۔ یہ ادارہ 2016ئے سے کام کررہا ہے۔ ہماری سوسائٹی اس جرمن ادارے کے ساتھ مل کر پنجاب بالخصوص لاہور ڈویژن کے اضلاع اور نواحی علاقوں میں سموگ کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے کام کررہی ہے۔ ہم نے اس مشترکہ منصوبے کا نام TOGETHER دیا ہے۔ یہ نام GREATERTOWARDS ANDEFFECTIVENESS IN TIMELINESS HUMANITARIAN EMERGENCY RESPONCE کا مخفف ہے۔ واقعی TOGETHER ایک بہت معنی خیز نام ہے۔ ایسی آفت جو ایک بڑی آبادی کو نقصان پہنچا کر متاثر کررہی ہو، اسے بہت سے لوگوں کے ساتھ مل کر ہی ختم کیا جاسکتا ہے۔ جرمن ادارہ HOIFA یعنی HUMANITARIAN OPERATIONS INNOVATION FACITLITY ایسی آفات کے خاتمے کے سلسلے میں مختلف ملکوں کے اداروں اور سوسائٹیوں کو معاونت فراہم کرتا ہے جو پہلے کبھی نہ ہوا ہو۔ یہ ادارہ بجا طور پر سمجھتا ہے کہ سموگ بھی ایک ایسی آفت ہے جو اسی زمانے میں دیکھی گئی ہے۔ قدرتی آفات ماضی میں بہت آتی رہی ہیں لیکن سموگ ایک آفتِ ناگہانی ہے جس نے ہر آدمی کو متاثر کیا ہے۔ قیصر اقبال نے بتایا کہ اس ادارے کے ساتھ مل کر وہ لاہور اور اس کے مضافات میں سموگ کے خاتمے کے لیے کام کررہے ہیں۔ اس ضمن میں بہت سے اقدامات کیے گئے ہیں۔ ان علاقوں میں فارمرز سموگ کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ جیسا کہ نام ہی سے ظاہر ہے کہ ان میں کسانوں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ کمیٹیاں بنانا بہت ضروری تھا کیونکہ سموگ کی ایک بڑی وجہ وہ کسان بھی ہیں









فیفا ورلڈ کپ کی رونمائی کیلئے فارورڈ سپورٹس کا گرینڈ افطار ڈنر

چیئرمین خواجہ مسعود اختر کو بزنس کمیونٹی و شہریوں کی جانب سے خراج تحسین، ممبر صوبائی اسمبلی خواجہ منشاء اللہ بٹ کی خصوصی شرکت

ڈسٹرکٹ بیورو سیالکوٹ عامر جاوید فیفا ورلڈ کپ کیلئے میڈ ان پاکستان فٹبال بنانے والی مشہور زمانہ سیالکوٹ کی فارورڈ سپورٹس پرائیویٹ انٹرنیشنل لمیٹیڈ کے چیئرمین ستارہ امتیاز پاکستان خواجہ مسعود اختر کیجانب سے ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ، سیالکوٹ بزنس کمیونٹی اور اہلیان سیالکوٹ کیلئے گرینڈ افطار ڈنر کا اہتمام شہر اقبال کی نجی مارکی میں کیا گیا۔ اس موقع پر فیفا ورلڈ کپ میں استعمال ہونے والے فٹبال کی رونمائی بھی کی گئی۔ چیئرمین فارورڈ سپورٹس پرائیویٹ انٹرنیشنل لمیٹیڈ وسابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ خواجہ مسعود اختر جن کو گرانقدر قومی خدمات کے اعتراف میں صدر اسلامی جمہوریہ کیجانب سے نشان امتیاز پاکستان اور ہلال امتیاز پاکستان مل چکا ہے اور انکی پاکستان کے سپورٹس سٹی سے بین الاقوامی ممالک میں بڑے پیمانے پر کوالٹی پراڈکٹس کی ایکسپورٹس کا اعتراف دنیا ہائے ممالک کے برینڈز بھی کرتے ہیں انہوں کے ہزاروں کی تعداد میں پروقار تقریب میں آئے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اور فارورڈ سپورٹس کے میرے مینجمنٹ وورکرز اللہ تعالیٰ کا بت حد شکر بجالاتے ہیں جس کے فضل سے گزشتہ کئیں سالوں سے فیفا ورلڈ کپ فٹبال ہم تیار کررہے ہیں جو دنیا بھر میں ایک منفرد اعزاز و باعث قدر ومنزلت ہے۔ میں صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان و وزیراعلی پنجاب، ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ، چیئرمین وانتظامیہ ائیر سیال مینجمنٹ، چیئرمین وانتظامیہ سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیر پورٹ سمیت ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے ہماری تمام کرم فرماؤں، عمائدین شہر فارورڈ سپورٹس کی میری محنتی مینجمنٹ ومیرے قابل قدر ورکرز وشہر شہر سے آئے مہربانوں کا انکی محبتوں مبارکبادوں اور نیک خواہشات پر تہہ دل سے شکر گزار ہوں جن کی دعائیں میرے شامل حال رہیں۔ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی ٹریڈ باڈیز ورکرز ہوں یا عمائدین شہر سمیت تمام اہلیان سیالکوٹ ہم ایک فیملی ہیں اور فیفا ورلڈ کپ میں فارورڈ سپورٹس سیالکوٹ کے فٹبال کا استعمال میرے ساتھ آپکے لئے بھی باعث عزت ومنزلت ہے۔ اللہ تعالیٰ پیارے پاکستان وقوم اور افواج پاکستان وقومی سلامتی کے سیکیورٹی اداروں کو حفظ وامان میں اور سلامت رکھے۔ تقریب میں سنیٹر قومی سیاستدان خواجہ منشاء اللہ بٹ ایم پی اے سمیت چیئرمین سیال فضل جیلانی، چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیر پورٹ پورٹ حسن علی بھٹی وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان، سابقہ صدور ونائب صدور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس، چیئرمینز ٹریڈ باڈیز، ڈاکٹرز، وکلاء، فیکٹری مینجمنٹ وورکرز، بیوروکریٹس، صحافیوں وعمائدین شہر سیالکوٹ ودیگر شہروں کے معززین وصنعتی شعبہ سے وابستہ شخصیات نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایونٹ کی خصوصی میڈیا کوریج سنیئر صحافی وانیکر پرسن خواجہ عامر جاوید قوت میڈیا گروپ نے کی۔ خواجہ ٹیپو سلطان پولیٹیکل سیکرٹری وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور سیکرٹری جنرل پاکستان سپورٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ محسن مسعود فارورڈ سپورٹس کی پروقار تقریب میں پیش پیش رہے۔ گرینڈ افطار کے بعد شرکاء مہمانوں کو زبردست پرتکلف عشائیہ دیا گیا۔









گلاسگو: سٹی اسٹیڈیم میں سکاٹ لینڈ مینز نیشنل ٹیم کے تربیتی سیشن میں حصہ لے رہے ہیں

قومی بلائنڈ خواتین کرکٹ ٹیم 17 اپریل کو آسٹریلیا روانہ ہوگی

پاکستان اور آسٹریلیا خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین پانچ ٹی 20 میچوں پر مشتمل سیریز 18 سے 26 اپریل تک کھیلی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) قومی بلائنڈ خواتین کرکٹ ٹیم آسٹریلیا کے خلاف پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں شرکت کے لئے 17 اپریل کو اسلام آباد سے آسٹریلیا کے لئے روانہ ہوگی، دونوں ممالک کے مابین پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔ پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل کے چیئرمین اور ورلڈ بلائنڈ کرکٹ لمیٹڈ کے صدر سید سلطان شاہ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ پاکستان اور آسٹریلیا خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین پانچ ٹی 20 میچوں پر مشتمل سیریز 18 سے 26 اپریل تک کھیلی جائے گی۔ سیریز کے تمام میچز برسبین کرکٹ سٹیڈیم آسٹریلیا میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ کی تیاری کے لئے قومی خواتین بلائنڈ کرکٹ ٹیم کا تربیتی 6 سے 15 اپریل تک لاہور میں لگایا جائے گا جس میں سیریز کے لئے منتخب شدہ 17



کھلاڑیوں کو مدعو کیا جائے گا اور ان کھلاڑیوں کو کوچز عبدالرزاق، بختاور اقبال اور ٹرینر شاہدہ جدید اور اعلیٰ معیار کی تربیت دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی کیمپ میں جن کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے ان میں رمشاء شبیر، شائلہ کرن، سائرہ، بشرا ظہور، ایشا فیصل، نہرا رفیق، کرن رفیق، نصرت بتول، مریم خان، خوریہ ملک، رابعہ نوید، نیشا، ایمان ارشد، مہرین علی، فرحت غفور، ارمین طارق اور نور فاطمہ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کھلاڑیوں کا انتخاب گزشتہ ماہ 19 سے 24 فروری تک اسلام اباد میں ہونے والے چوتھی قومی خواتین بلائنڈ کرکٹ چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ سید سلطان شاہ نے بتایا کہ قومی خواتین بلائنڈ کرکٹ ٹیم کا یہ پہلا بیرونی دورہ ہے اور آسٹریلیا بلائنڈ کرکٹ ٹیم کی اپنی سرزمین پر پہلی ہوم سیریز ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا خواتین بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے خلاف سیریز کے لئے قومی کھلاڑیوں کو کارکردگی کی بنیاد پر قومی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے، امید ہے کہ قومی ٹیم آسٹریلیا کی بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے خلاف سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے کامیابی حاصل کرے گی۔



پاکستانی نژاد برطانوی حمزہ شیراز نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگڈم ایرینا میں ہونے والے تاریخی باکسنگ مقابلے میں اپنے امریکی حریف کو شکست دی (حمزہ شیراز انسٹاگرام اکاؤنٹ)

حسن نواز کو کہا تھا کلب کرکٹ کا ماحول کیریئر کیلئے خطرناک ہے، صہیب مقصود

کہا تھا کہ سارا سال لوکل کلب میں دیہاڑی پر جو کرکٹ کھیلتے ہو، اس چیزوں کو بند کرو، انٹرویو

لاہور (آفاق دھاریوال) سابق کرکٹر صہیب مقصود نے کہا کہ حسن نواز کا کہا تھا کہ کلب کرکٹ کا ماحول کیریئر کے لیے خطرناک ہے۔ سابق مڈل آرڈر بیٹر صہیب مقصود نے کہا کہ حسن نواز نے نیوزی لینڈ کے خلاف آج جو شاٹ کھیلا ہے مجھے تو پتا نہیں لگا کہ یہ آج کا میچ ہے لگا کہ پہلا ٹی 20 دیکھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حسن نواز نے ٹیل اینڈر کی طرح شاٹ گھمایا، بھائی یہ میاں چنوں، چیچہ وطنی اور پنڈی میں جو کلب کرکٹ کھیلتے ہو وہ نہیں ہے، مجھے حسن نواز چھ ماہ پہلے ملا تھا میں نے اسے خصوصی طور پر بلا کر کہا تھا کہ تم ٹی 20 کے بہترین کھلاڑی ہو۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ میں نے حسن نواز کو کہا تھا کہ سارا سال لوکل کلب میں دیہاڑی پر جو کرکٹ کھیلتے ہو، اس چیزوں کو بند کرو، کلب کرکٹ بہت آسان ہے یہاں تو پچاس سال کا کھلاڑی بھی سنچری کر لیتا ہے۔ صہیب مقصود کے مطابق حسن نواز کو کہا کہ 1000 یا 2000 روپے کے لیے کبھی عارف والا کبھی کوئی اور جگہ سفر کرتے رہتے ہو، آپ پریکٹس کرو اور اس طرح کی ٹریننگ کو جو انٹرنیشنل لیول ہو۔ نیوزی لینڈ کے خلاف میچ میں بھی وہ کلب کرکٹ کی طرح کھیل رہے ہیں کہ 30 گیندوں پر 100 کرنے ہیں بھائی وہ نیوزی لینڈ کی ٹیم ہے۔ حسن نواز ایک گیند سے دو گیندیں روک کر پھر گھما دیا اگر یہ میاں چنوں اور چیچہ وطنی کا گراؤنڈ ہوتا تو مڈ وکٹ پر بڑا چکا ہوتا، انہیں یہ چیزیں سیکھنے کی ضرورت ہے۔

میامی اوپن ٹینس ویمنز سنگلز، نائومی اوساکا اور سوفیا کینن کا فاتحانہ آغاز

فلوریڈا (این این آئی) جاپان کی نامور ٹینس کھلاڑی اور چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح نائومی اوساکا اور امریکا کی ٹینس کھلاڑی سوفیا کینن میامی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں جبکہ وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کرنے والی جمہوریہ چیک کی ٹینس سٹار اور دو مرتبہ کی ومبلڈن اوپن چیمپئن پیٹرا کوویٹوا خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں۔ میامی اوپن کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ ہارڈ روک سٹیڈیم، فلوریڈا میں شروع ہو چکا ہے، جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں جاپان کی نامور ٹینس کھلاڑی اور چار گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح نائومی اوساکا نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے یوکرین کی حریف کھلاڑی یولیا ولوڈیمیر یونا کو 6-3، 4-6 اور 6-3 سے ہرا کر نہ صرف ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کر دیا بلکہ دوسرے راؤنڈ کے لیے بھی کوالیفائی کر لیا۔ ایک اور میچ میں امریکی ٹینس سٹار سوفیا کینن نے بھی ابتدائی رکاوٹ عبور کر لی، انہوں نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے

پنجاب ماس ریسلنگ ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری احتشام اکمل چیچی کی جانب سے گجرات کی اسپورٹس ایسوسی ایشنز کے اعزاز میں پرتکلف افطاری

گجرات (اورنگزیب عالمگیر شاکر) پنجاب ماس ریسلنگ کے صدر چوہدری احتشام اکمل چیچی کی جانب سے گجرات کی اسپورٹس ایسوسی ایشنز کے اعزاز میں ایک پرتکلف افطاری کا اہتمام کیا گیا، جس میں گجرات کی نمایاں اسپورٹس شخصیات اور معززین نے بھرپور شرکت کی۔ افطاری کی اس خوبصورت محفل میں وقاس افضل بھٹی، طارق محمود، حاجی محمد دین، لیاقت علی بٹ، سید فرخ شاہ، ڈاکٹر شکیل سرور، اورنگزیب عالمگیر شاکر، راشد محمود بٹ، محمد حنیف بٹ، محمد فیصل بٹ، مشتاق بٹ، محمد اکمل شاکر، اشتیاق فاروق، حیدر عرف ہبی بٹ، اسد محمود راجہ، انصر محمود، سید علی مستحسن شاہ، بشیر احمد، چوہدری حدید حیدر نت، میاں سفیان اختر، عبداللہ مغل، ذیشان جیوا، عمر فاروق، حافظ عثمان، شہروز آفتاب، چودری حسن اشفاق، عبدالجبار، ساجد بٹ، نقاش ارشد، دانیال بٹ، عبداللہ طارق، شازیب اور منصور ٹھیکیدار نے شرکت کی۔ تقریب میں چوہدری احتشام اکمل چیچی نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور اسپورٹس کے فروغ میں ان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گجرات میں کھیلوں کے فروغ کے لیے تمام اسپورٹس تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کیا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جا سکے۔

پاکستان پیڈلورس نیشنل پیڈل چیمپئن شپ 2025 کی میزبانی کرے گا

چیمپئن شپ 11 اپریل سے کراچی میں شروع ہوگی، صدر فیڈریشن محمد متین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین نے کہا ہے کہ پاکستان پیڈلورس نیشنل پیڈل چیمپئن شپ 2025 کی میزبانی کرے گا، چیمپئن شپ 11 اپریل سے کراچی میں شروع ہوگی اور پیڈل کے شوقین افراد کے لئے یہ ایک پریمیئر ایونٹ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیڈل فیڈریشن انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیا پیڈل کے تعاون سے ایونٹ کا انعقاد کر رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ چیمپئن شپ 2025 میں تین کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مردوں، خواتین اور مکسڈ مقابلے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیڈل فیڈریشن کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے حوالے سے تمام شرکا کے لئے ایک قومی پیڈل لائسنس مفت جاری کرے گی، ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں کے لئے دس لاکھ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی ہے، اس کے علاوہ کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز، اسناد اور شیلڈز اور دیگر انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں شامل کیا جائے گا جس کے لئے قومی سلیکشن کمیٹی تشکیل دی جائے گی جس کا اعلان آئندہ دو تین روز میں کیا جائے گا، منتخب ٹیم رواں برس اکتوبر میں سعودی عرب (ریاض) میں کھیلی جانے والی ایشین پیڈل چیمپئن شپ میں شرکت کرے گی۔

سلمان علی آغا نے نیوزی لینڈ سے ناکامی میں بھی مثبت چیزیں ڈھونڈ لیں

پاور پلے میں رنز بنانا، ساتھ بولرز کو رنز بچانا بھی ہوں گے، باؤنسی کنڈیشن کو بھی سمجھنا ہوگا، گفتگو

کرائسٹ چرچ (این این آئی) پاکستان ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے نیوزی لینڈ سے ناکامی میں بھی مثبت چیزیں ڈھونڈ نکالیں۔ ٹی 20 کپتان سلمان علی آغا نے ڈونیڈن میں نیوزی لینڈ کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں شکست کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاور پلے میں رنز بنانا ہوں گے، ساتھ بولرز کو رنز بچانا بھی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ باؤنسی کنڈیشن کو بھی سمجھنا ہوگا، ناکامی کے باوجود مثبت چیزیں سامنے آئی ہیں۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ کھلاڑیوں کو کھیل میں تسلسل لانا ہوگا۔ واضح رہے کہ دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھی نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی ہے۔ گرین شرٹس اور نیوزی لینڈ کے درمیان جاری 5 میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کا دوسرا ٹوئنٹی میچ ڈونیڈن میں کھیلا گیا جہاں بارش کی وجہ سے ٹاس اور میچ اپنے مقررہ وقت کے بجائے تاخیر سے شروع ہوا۔ نیوزی لینڈ نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تاہم بارش کے باعث 5، 5 اوورز کم کر کے میچ کی فی اننگز 15 اوورز کی کر دی گئی۔ پاکستان نے نیوزی لینڈ کو جیت کے لیے 136 رنز کا ہدف دیا جسے کیوی ٹیم نے با آسانی چیز کر لیا۔ یاد رہے کہ میزبان نیوزی لینڈ کو پاکستان کے خلاف 5 میچز کی سیریز میں دو صفر کی برتری حاصل ہے۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان سیریز کا تیسرا ٹوئنٹی میچ جمعے کو آکلینڈ میں کھیلا جائے گا۔



ٹیوین سینٹ ک: ووڈی ہیز اسٹھلیٹک سینٹر میں موسم بہار کی مشق کے دوران گیند کو پاس کرنے کے لیے واپس آ رہے ہیں۔

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 18 مارچ 2025 کو ٹی ٹوئنٹی میچ ڈونیڈن میں کھیلا گیا (اے ایف پی)

حکومت کو ملک کا خیال نہیں، وزیراعظم کا وینا بھی غیر سنجیدہ ہے، زرتاج گل

سوال پوچھنے والوں کو اٹھانا بند کر دیں، کیسز کے ذریعے بانی پی ٹی آئی اور ورکرز کو ذہنی طور پر توڑنا چاہتے ہیں: رہنما پی ٹی آئی

جعفر ایکسپریس واقعے کی بنیاد پر پی ٹی آئی کے کارکنان کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل نے کہا ہے کہ غائب کرنے سے سوال حل نہیں ہوں گے، سوال پوچھنے والوں کو اٹھانا بند کر دیں۔ اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے زرتاج گل نے کہا کہ جعفر ایکسپریس واقعے کی بنیاد پر پی ٹی آئی کے کارکنان کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ زرتاج گل نے کہا کہ کیسز کے ذریعے بانی پی ٹی آئی اور ورکرز کو ذہنی طور پر توڑنا چاہتے ہیں۔

سعودی عرب، آرامکو نے ہوا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ نکالنے کا پہلا تجرباتی یونٹ شروع کر دیا

ریاض (این این آئی) سعودی کمپنی آرامکو نے مملکت میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کو براہ راست ہوا سے نکالنے کے لیے پہلا پائلٹ یونٹ شروع کر دیا۔ اس یونٹ میں فضا سے سالانہ 12 ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ نکالنے کی صلاحیت ہے۔

ملتان: ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن ارم سلیمی ایک سکول میں شجرکاری کے بعد دعا مانگ رہی ہیں

ایران کے ایک فرد، متعدد اداروں اور بحری جہازوں پر نئی امریکی پابندیاں

ہدف بنائی گئی آئل ریفائنری شوگوانگ لوو چینگ پیٹرو کیمیکل کمپنی سے تعلق رکھتی ہے، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خزانہ کی ویب سائٹ نے اطلاع دی ہے کہ امریکہ نے ایران سے متعلق نئی پابندیاں جاری کر دی ہیں۔ ایک شخصیت، متعدد اداروں اور بحری جہازوں کو پابندی کی زد میں لایا گیا ہے۔ ایک وہ چینی نجی شعبے کی آئل ریفائنری بھی پابندی کی زد میں آئی ہے جس پر ایرانی تیل کی خریداری اور پروسیسنگ کا شبہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ اقدام ایرانی تیل کی فروخت پر امریکی پابندیوں کے چوتھے دور کی نمائندگی کر رہا ہے۔

امریکہ جارج ٹاؤن یونیورسٹی کے فلسطینی حامی طالب علم کی ملک بدری کا خواہاں

کولمبیا یونیورسٹی کے محمود خلیل کو بھی ملک بدر کرنے کی کوشش کی گئی ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ نے واشنگٹن کی جارج ٹاؤن یونیورسٹی میں زیر تعلیم ایک بھارتی کو حراست میں لے لیا ہے اور وہ اسے امریکی خارجہ پالیسی کے لیے نقصان دہ سمجھتے ہوئے ملک بدر کرنے کی خواہاں ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات طالب علم کے وکیل نے بتائی۔ بیان کے مطابق امریکی محکمہ برائے داخلی سلامتی نے بدر خان سوری پر فلسطینی مزاحمتی گروپ حماس سے تعلقات کا الزام لگایا۔

غزہ میں جنرل سکیورٹی سروس کے کمانڈر کو قتل کر دیا، اسرائیلی فوج

غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں جاری، پٹی سے راکٹ داغے جانے کے بعد وسطی اسرائیل میں سائرن بج گئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی پر چھاپہ مار کارروائی کے دوران حماس کی پبلک سکیورٹی سروس کے سربراہ رشید حجوح کو قتل کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فوج کے بیان میں کہا گیا کہ ایک حملے میں حماس کی جنرل سکیورٹی سروس کے سربراہ رشید حجوح کو ختم کر دیا۔ وہ اس عہدے پر سامی عودہ کے بعد آئے تھے، سامی کو جولائی 2024 میں قتل کر دیا گیا تھا۔

توہینِ مذہب الزامات کیس، عدالتی کارروائی براہِ راست دکھانے کا حکم

کیس مفاد عامہ کا معاملہ بن چکا ہے، آئی ٹی حکام کو کارروائی فوری براہ راست دکھانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) توہینِ مذہب الزامات سے متعلق کیس میں عدالت نے کارروائی کو براہ راست دکھانے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے توہینِ مذہب الزامات کی تحقیقات کے لیے کمیشن تشکیل دینے کی درخواست کے کیس میں مفاد عامہ کے پیش نظر عدالتی کارروائی براہ راست دکھانے کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ کمرہ عدالت بھر چکا ہے، عدالت کے باہر بھی کثیر تعداد میں لوگ موجود

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 باسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی، 3 شہری لاپتہ ہوئے یا ہنی ٹریپ کا شکار؟

سندھ ہائیکورٹ کی تعین کیلئے درخواست گزاروں کو تعاون کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 3 لاپتہ شہریوں کی گمشدگی سے متعلق درخواست کی سماعت کے دوران درخواست گزار کو تفتیشی افسر سے تعاون کرنے کی ہدایت کر دی۔ 3 لاپتہ شہریوں کی گمشدگی سے متعلق درخواست کی سماعت کے دوران تفتیشی افسر نے کہا کہ فراہم کردہ موبائل فونز کے مطابق تینوں افراد کی آخری لوکیشن لاڑکانہ ہے۔ عدالت نے سوال کیا کہ کیا ان افراد کا تعلق کسی تنظیم سے ہے۔

لاہور کے مختلف علاقوں سے خاتون سمیت چار افراد کی لاشیں برآمد

خاتون سمیت تین لاشوں کی شناخت نہ ہو سکی، مردہ خانے منتقل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے مختلف علاقوں سے خاتون سمیت چار افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ملت پارک چوک یتیم خانہ میں 60 سالہ بزرگ شہری حرکت قلب بند ہونے سے جان کی بازی ہار گیا، متوفی کی شناخت 60 سالہ بابر کے نام سے ہوئی ہے جو شیخوپورہ کا رہائشی تھا، سبزہ زار کے علاقہ سے بیہوشی کی حالت میں ملنے والی 40 سالہ خاتون دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گئی، شمالی چھاؤنی صدر گول چکر کے قریب سے 45 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں ملا، کاہنہ 5 نمبر سٹاپ کے قریب سے فٹ پاتھ کنارے سے 35 سالہ شخص کی لاش ملی ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ شمالی چھاؤنی صدر گول چکر کے قریب سے 45 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں ملا، کاہنہ 5 نمبر سٹاپ کے قریب سے فٹ پاتھ کنارے سے 35 سالہ شخص کی لاش ملی ہے۔

غزہ پر حالیہ اسرائیلی حملے، مسجد شہدا سے امریکی قونصلیٹ تک احتجاجی مارچ

غزہ پر حالیہ اسرائیلی حملے کے خلاف جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام مسجد شہدا سے امریکی قونصلیٹ تک احتجاجی مارچ کا انعقاد کیا گیا

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل فلسطین میں کھلی دہشتگردی کر رہا ہے، اہل فلسطین کے ساتھ شانہ بشانہ ہیں، ضیاء الدین انصاری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر غزہ پر حالیہ اسرائیلی حملے کے خلاف جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام مسجد شہدا سے امریکی قونصلیٹ تک احتجاجی مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ مارچ کی قیادت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ امریکی قونصلیٹ کے سامنے مارچ کے شرکاء سے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا خصوصی خطاب کیا۔

7 ماہ قبل لاہور سے اغوا ہونے والا 16 سالہ لڑکا خیبر ایجنسی سے بازیاب

خیبر (این این آئی) لاہور سے 7 ماہ قبل اغوا ہونے والے 16 سالہ لڑکے کو خیبر ایجنسی سے بازیاب کروا لیا گیا۔ ایس پی انویسٹیگیشن اقبال ٹاؤن سدرہ خان کی سربراہی میں ڈی ایس پی انویسٹی گیشن مسلم ٹاؤن مقصود گجر نے پولیس ٹیم کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے

طالبان سربراہ کا حکومت کو قانونی جواز دینے کے لیے لویہ جرگہ بلانے کا فیصلہ

طالبان سے وابستہ اس نگران حکومت کے بجائے مستقل حکومت کے قیام کا اعلان کیا جا سکتا ہے، ذرائع

کابل (این این آئی) طالبان کے رہنما ملا ھبت اللہ اخوندزادہ نے فیصلہ کیا ہے کہ افغانستان میں قبائلی شیوخ اور علما کے لیے ایک بڑا قبائلی اجلاس منعقد کیا جائے تاکہ داخلی جواز حاصل کیا جا سکے اور طالبان سے وابستہ اس نگران حکومت کے بجائے مستقل حکومت کے قیام کا اعلان کیا جائے جس کا اعلان اگست 2021 میں کیا گیا تھا۔ یہ مجوزہ اجلاس تاریخی طور پر افغانستان میں لویہ جرگہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

22 MARCH WORLD WATER DAY

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ

فانی پانی ہے فانی پانی ہے فانی پانی

پانی بچا کر زندگی ہے بچانی

اپنے اور اپنی نسلوں کیلئے حکومت پنجاب کے پانی بچاؤ اقدام کا ساتھ دیں!

محکمہ تحفظ ماحول وموسمیاتی تبدیلی حکومت پنجاب

شکایات اور معلومات کیلئے 1373 پر کال کریں

گرین پنجاب ایپ ڈاؤن لوڈ کریں #WorkForGreenPunjab

SPL-529

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ورلڈ فارسٹ ڈے کے موقع پر پیپلی پہاڑ فارسٹ پارک میں محکمہ جنگلات کے زیر اہتمام پلانٹ فار پاکستان کی افتتاحی تقریب اور آگاہی واک کی گئی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے پودا لگا کر پلانٹ فار پاکستان مہم کا افتتاح کر دیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ورلڈ فارسٹ ڈے کے موقع پر پیپلی پہاڑ فارسٹ پارک میں محکمہ جنگلات کے زیر اہتمام پلانٹ فار پاکستان کی افتتاحی تقریب اور آگاہی واک کی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے پودا لگا کر پلانٹ فار پاکستان مہم کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر ڈویژنل فارسٹ آفیسر مشتاق حسین چغتائی، سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف، ڈی ای او سیکنڈری جمیل احمد رضوی، ریسکیو 1122 اور محکمہ جنگلات کے افسران وعملہ، اساتذہ کرام، طالبعلموں وشہریوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، اس موقع پر ماس پلانٹیشن کے تحت محکموں کے افسران، ریسکیو اہلکاروں اور طالب علموں نے فارسٹ پارک میں 3 ہزار پودے لگائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ صحت مند ماحول کے حامل ممالک کے کم از کم 25 فیصد حصے پر جنگلات لگائے گئے ہیں تاہم بدقسمتی سے پاکستان میں صرف 6 فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہے، جس کے باعث ہمیں شجرکاری کی قلت کا سامنا ہے، گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے کثیر تعداد میں شجرکاری کرنا ہوگی، ڈویژنل فارسٹ آفیسر مشتاق حسین چغتائی نے کہا کہ ورلڈ فارسٹ ڈے پر سرکاری محکمہ سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کو شجرکاری مہم کا حصہ بنانا حکومت پنجاب کا بہترین اقدام ہے، ضلع بھر میں پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر 91580 پودے لگائے جائیں گے، ڈویژنل فارسٹ آفیسر نے کہا کہ ایں ہم سب مل کر پاکستان کو سرسبز وشاداب بنانے کے مشن میں اپنا مخصوص کردار ادا کریں اور آنے والی نسلوں کو خوشگوار اور صحت مند ماحول فراہم کریں، تقریب کے اختتام پر ورلڈ فارسٹ ڈے کے سلسلہ میں آگاہی واک بھی کی گئی۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال چودھری محمد طارق جاوید کے دبنگ فیصلے

،جرم ثابت ہونے پر قتل اور منشیات کے ملزمان کو سخت سزائیں، جرم ثابت نہ ہونے پر قتل اقدام قتل کے ملزمان باعزت بری

چکوال (ایم ایوب سلطانی سے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال چودھری محمد طارق جاوید کے دبنگ فیصلے، جرم ثابت ہونے پر قتل اور منشیات کے ملزمان کو سخت سزائیں، جرم ثابت نہ ہونے پر قتل اقدام قتل کے ملزمان باعزت بری کر دیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ نیلہ منشیات کے ملزم محمد طارق ولد اللہ دتہ کو جرم ثابت ہونے پر 5 سال قید بامشقت اور 40 ہزار روپے جرمانے کا حکم، تھانہ صدر چکوال قتل کے ملزم شاہد حیدر ولد مظہر حسین منہاس سائن بڈھیال کا جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور 5 لاکھ روپے بطور معاوضہ مقتول کے وارثان کو ادا کرنے کا حکم، تھانہ کلر کہار پولیس کی ایف آئی آر نمبر 54/2023، جرم 302/324 محمد کاظم بنام محمد ایٹس میں ملزمان محمد ریاض، رب نواز، ذوالفقار اور امتیاز کو مقتول کے وارثان کو ادا کرنے کا حکم، تھانہ کلر کہار پولیس کی ایف آئی آر نمبر 54/2023، جرم 302/324 محمد کاظم بنام محمد ایٹس میں ملزمان محمد ریاض، رب نواز، ذوالفقار اور امتیاز کو عدم ثبوت کی بناء پر بری کر دیا جبکہ مقدمہ کا مرکزی ملزم محمد انیس ہنگی فائرنگ سے ماریہ جنید جاں بحق ہوئی اور مسماتہ گل بیلم شدید زخمی ہوئی وہ عدالت میں پیش نہ ہوا ہے اور عدالت نے اسے اشتہاری قرار دیا ہوا جو ابھی تک اشتہاری ہے

گل بیلم پر بانیت قتل سیدھے فائر کیے ہیں، جس میں ماریہ جنید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئی، جبکہ مسماتہ گل بیلم شدید زخمی ہے، جرکا مقدمہ تھانہ کلر کہار پولیس نے درج کر کے چالان سیشن عدالت میں جمع کروا دیا جرکا ٹرائل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال چودھری محمد طارق جاوید نے کیا دوران ٹرائل وکلاء کے دلائل اور پولیس استغاثہ میں مستغیث ملزمان پر لگایا گیا الزام ثابت نہ کر سکا، فاضل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال چودھری محمد طارق جاوید نے ملزمان محمد ریاض، رب نواز، ذوالفقار اور امتیاز کو عدم ثبوت کی بناء پر بری کر دیا جبکہ مقدمہ کا مرکزی ملزم محمد انیس ہنگی فائرنگ سے ماریہ جنید جاں بحق ہوئی اور مسماتہ گل بیلم شدید زخمی ہوئی وہ عدالت میں پیش نہ ہوا ہے اور عدالت نے اسے اشتہاری قرار دیا ہوا جو ابھی تک اشتہاری ہے

کمال چشتی موڑ کے علاقے سے اوباش ملزمان جواں سالہ لڑکی کو اغواء کر کے لے گئے

قصور (بیورو رپورٹ) کمال چشتی موڑ کے علاقے سے اوباش ملزمان جواں سالہ لڑکی کو اغواء کر کے لے گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا، تھانہ بی ڈویژن میں درخواست درج کروائی ہے کہ میں بازار خریداری پر گئی تھی میری غیر موجودگی میں میری 18 سالہ بیٹی (ن) بی بی کو اغوا کر کے ملزمان احمد وغیرہ آئے اور میری بیٹی کو ورغلا پھسلا کر اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ پولیس تھانہ بی ڈویژن مصروف کاروائی ہے۔

بلندی اتارگاوں میں بیوی کے ساتھ جھگڑے سے دلبرداشتہ نوجوان نے سپرے پی لیا، ریسکیو عملے نے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل

قصور (بیورو رپورٹ) بلندی اتار گاوں میں بیوی کے ساتھ جھگڑے سے دلبرداشتہ نوجوان نے سپرے پی لیا، ریسکیو عملے نے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل۔ بلندی اتارگاوں میں بیوی کے ساتھ جھگڑے سے دلبرداشتہ نوجوان نے سپرے پی لیا۔ 24 سالہ رومان کا بیوی کو گھر کا خرچہ نہ دینے پر لڑائی ہوئی۔ غصے میں آ کر خودکشی کی خاطر زہریلا سپرے پی لیا۔ ریسکیو عملے نے مریض کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا۔ مقامی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

23 مارچ کے حوالے سے ڈی پی ایس سکول نیو کیمپس میں شاندار تقریب کا انعقاد

اس موقع پر سکول کے ننھے طلباء و طالبات نے ملی نغمے پڑھے اور پاکستانی فوج کی قربانیوں، کشمیر سمیت دیگر ٹیبلو پیش کئے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق ڈی پی ایس سکول نیو کیمپس میں 23 مارچ کے حوالے سے ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے کیا گیا، اس موقع پر سکول کے ننھے طلباء و طالبات نے ملی نغمے پڑھے اور پاکستانی فوج کی قربانیوں، کشمیر سمیت دیگر ٹیبلو پیش کئے جنکا مقصد 23 مارچ کے بارے آگاہی اور مستقبل کیلئے متحد ہو کر چلنے کا پیغام تھا، طلبا کے درمیان تقاریر کے مقابلے ہوئے، بچوں کی طرف سے مینار پاکستان، پاکستانی پرچم سمیت مختلف ماڈلز بنائے گئے جو شرکاء کی توجہ کا مرکز بنے رہے، پرنسپل رائے صفدر اور کیمپس انچارج میڈم ساجدہ بتول نے شجرکاری مہم کے تحت پودہ لگایا، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ آج کی تقریب میں بچوں کی پرفارمنس اور پیچرز کی طرف سے کی گئی بہترین تیاری قابل تعریف ہے، انکا کہنا تھا کہ 23 مارچ کا دن ایک عہد کا دن ہے جو ہمیں ایک ساتھ متحد ہو کر چلنے کا پیغام دیتا ہے، اب ایک بار پھر عہد کرنا ہے جس طرح ہمارے آباؤ اجداد بے شمار قربانیاں دیکر ہمیں آزاد حیثیت سے ایک قوم بنایا، ہمیں ایک آزاد اسلامی ریاست میں رہنے کا حق دلوایا، اب ہم بھی پاکستان کی فلاح و بہبود کیلئے اپنا اپنا بہتر کردار ادا کریں گے ٭ آخر میں ملک وقوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی۔

ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند حوالاتی قیدی طبعی طور پر جاں بحق ہو گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند حوالاتی قیدی طبعی طور پر جاں بحق ہو گیا اقبال نامی ملزم کی اچانک طبیعت خراب ہونے پر ڈی ایچ کیو ہسپتال شفٹ کیا جا رہا تھا کہ مبینہ طور پر راستے میں ہی دم توڑ گیا تفصیلات کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ حوالاتی قیدی اقبال ملزم تھانہ بھوآنہ کے مقدمہ 9C کے جرم میں ڈسٹرکٹ جیل جھنگ میں بند تھا اس کی اچانک طبعیت خراب ہوئی تو جیل انتظامیہ نے فوری ریسپانس دیتے ہوئے ریسکیو 1122 کے ذریعے اسے ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ منتقل کیا جا رہا تھا کہ اقبال ملزم راستے میں ہی دم توڑ گیا اس کی تعمیٰ موت پر کچھ شر پسند لوگ نامعلوم وجوہات کی بنا پر حوالاتی ملزم اقبال کی موت کو غلط رنگ دے کر جیل انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور سوشل میڈیا پر غلط افواہیں پھیلا کر مبینہ طبعی موت کو ایک خوف زدہ موت قرار دے کر شہر میں افراتفری پھیلائی جا رہی ہے جو کہ سراسر ظلم ہے

سرچ اپریشن کے دوران بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ کی سربراہی میں سرچ اپریشن کے دوران بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے چوکی علی آباد کے انچارج خالد محمود نے دوران سرچ اپریشن اڑھائی کلو سے زائد چرس سمیت دو منشیات فروش گرفتار کر لیے ہیں تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں تھانہ کوتوالی کے ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ کی سربراہی میں چوکی علی آباد کے انچارج خالد محمود اور اس کی ٹیم نے سرچ اپریشن کے دوران دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا ہے منشیات فروشی میں ملوث ملزمان قاسم سے 2 کلو 70 گرام چرس اور رضا سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ان کے خلاف زیر دفعہ 9C اور 9B کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں اس موقع پر ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ نے کہا کہ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف بھرپور کاروائیاں کی جا رہی ہیں اور شریف شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے

مصطفی آباد: میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کی طرف سے شجرکاری مہم کا افتتاح

مصطفی آباد/لیہ (نمائندہ خصوصی) میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کی طرف سے شجرکاری مہم کا افتتاح، افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی کی شرکت، عملہ کے ہمراہ تین ہزار پودے لگائے، تمام محکمے پودوں کی نشوونما کا خاص خیال رکھیں گے: اسسٹنٹ کمشنر، تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کی طرف سے جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر شجرکاری مہم کا افتتاح کر دیا گیا، افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی نے خصوصی شرکت کی اور ربن کاٹ کر اور پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کیا، اس موقع پر محمد فاروق چیف آفیسر، تفویض خالد ایم او آر، ہیڈ کلرک ناصر، جمیل احمد انصاری و دیگر عملہ بھی ان کے ہمراہ تھے، اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی نے میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر و دیگر عملہ کے ہمراہ تین ہزار پودے لگائے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ماحولیاتی تبدیلیوں اور سموگ جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے درخت لگانا ہم سب پر فرض ہو چکا ہے، انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ ہر شہری کم از کم ایک درخت لگائے اور اس کی حفاظت کرے، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں نے رائیونڈ پولیس کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او رائیونڈ اور ان کی ٹیم کو شاباش دی، انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

انتظامیہ عوام کو ریلیف دلوانے میں مکمل ناکام ہے

دوکانداروں کو فنگ کیا جا رہا ہے چاہے کسی کی غلطی ہو یا نہ ہو 2000 سے 5000 ہزار روپیہ جرمانے کا پروانہ دے دیا جاتا ہے

چوا سیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) کیا اس گورنمنٹ کی ریٹ لسٹ کے مطابق چوا سیدن شاہ عوام کو بازار سے کوئی ایک چیز بھی مل رہی ہے ؟ عوام سے اپیل ہے اگر کوئی چیز بھی اس ریٹ لسٹ کے مطابق مل رہی ہے تو ضرور گیا گاہ بھیجئے گا ،،، برائے گوشت کا ریٹ ہے 596 روپے گورنمنٹ کی ریٹ لسٹ کے مطابق مگر مارکیٹ میں سیل ہو رہا ہے 750 روپے فی کلو ،، مگر انتظامیہ اپنے کمروں سے باہر نکلنا اپنی توہین سمجھتی ہے ،، بڑے گوشت کا گورنمنٹ کی ریٹ لسٹ کے مطابق ریٹ ہے 750 روپے فی کلو مگر مارکیٹ میں سیل ہو رہا ہے 1200 روپے فی کلو مگر انتظامیہ کے نزدیک سب اچھا ہے ،، چھوٹے گوشت کا ریٹ ہے گورنمنٹ کی ریٹ لسٹ کے مطابق 1500 روپے کلو مگر مارکیٹ میں سیل ہو رہا ہے 2 ہزار سے 22 سو روپے کلو ،، اسی طرح اور بھی اشیائے خورد ونوش کے ریٹ ڈبل ہی لیے جا رہے ہیں عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا ،، انتظامیہ عوام کو ریلیف دلوانے میں مکمل ناکام۔

تصور میں آج موسم میں بہار کی شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور میں آج موسم میں بہار کی شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری و ریونیو میاں سعد وسیم شیخ، ممبر قومی اسمبلی ملک رشید احمد، ایم پی اے صفیہ سعید، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی، ڈی پی او فیصل خان نے آج وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر قصور باغی پاس پر پودے لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس موقع پر اسکول کے بچوں کی کثیر تعداد نے حصہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ موسم بہار کی شجرکاری مہم کے تحت ضلع بھر میں اس دفعہ ایک لاکھ 25 ہزار پودے لگائے گئے ہیں۔ 63333 پودے آج لگائے جائیں گے۔ قصور کے تمام سکولز میں 50 ہزار پودے ہیلتھ اسٹیٹیوٹس قصور کے دونوں گول چوکوں میں 4 ہزار اور 5 ہزار کی ترتیب سے اور باغی چھانگا مانگا کے جنگلات میں پودے لگائے جائیں گے۔ محکمہ جنگلات اور پارلیمنٹیرین ان چوکوں میں پودے لگائیں گے۔ قصور کی خوبصورتی میں اضافے کی خاطر یہاں پھول دار پودے لگائے جا رہے ہیں

ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کا یوم علی کے حوالے سے نکلنے والے جلوسوں کے روٹس کا دورہ

تمام اہم جلوسوں کی سی سی ٹی وی اور ویڈیو کیمروں کے ذریعے ریکارڈنگ کی جائے گی

ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپرا سے) ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کا 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی کے حوالے سے نکلنے والے جلوسوں کے روٹس کا دورہ اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے قصر بتول میں 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر نکلنے والے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ کیا۔ سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو مناسب ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او ساہیوال نے کہا کہ 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر تمام نکلنے والے جلوسوں کی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ جلوس کے داخلی اور خارجی راستوں پر میٹل ڈیٹکٹرز سے چیکنگ کی جائے اور گھروں کی چھتوں پر ساہیوال پولیس کے سنائپرز تعینات کیے جائیں گے۔ جلوس کے روٹ پر ٹریفک ڈائیورشن بھی لگائی جائے گی تاکہ ٹریفک کی روانی میں کوئی خلل پیدا نہ ہو۔ علاوہ ازیں تمام اہم جلوسوں کی سی سی ٹی وی اور ویڈیو کیمروں کے ذریعے ریکارڈنگ کی جائے گی۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ساہیوال انسپکٹر رانا آصف سرور، انچارج سیکیورٹی سب انسپکٹر ساجد نواز ممبر امن کمیٹی اور معززین جلوس بھی ہمراہ تھے۔

ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے نتیجے میں خاتون موقع پر جاں بحق جبکہ بچے سمیت تین افراد شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے نتیجے میں خاتون موقع پر جاں بحق جبکہ بچے سمیت تین افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ چورستہ میاں خاں کے قریب تیز رفتار دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سے نیچے گری ہوئی خاتون 23 سالہ ماریہ بی بی زوجہ عظمت کے اوپر سے ٹریکٹر ٹرالی گزر گئی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہو گئی جبکہ اس کا 7 سالہ بیٹا محمد ایان شدید زخمی ہو گیا۔

اوکاڑہ پولیس نے منشیات کے دو سمگلروں کو گرفتار کر کے ان سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے منشیات کے دو سمگلروں کو گرفتار کر کے ان سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی رینالہ خورد کو اطلاع ملی کہ منشیات کا سمگلر بھاری مقدار میں چرس لیکر شہر میں سپلائی کے لئے آ رہا ہے جس پر ایس ایچ او اور ارسلان اعظم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے ضلع قصور کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش عثمان رشید ولد خوشی محمد سے 11 کلو چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے

ڈی پی او قصور کی خصوصی ہدایت پر پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری

قصور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او قصور کی خصوصی ہدایت پر پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری، پولیس تھانہ بی ڈویژن کی کامیاب کاروائی، لاکھوں روپے مالیت کی ایک کلو گرام آئس اور اڑھائی کلو گرام افیون برآمد، 02 ملزمان گرفتار۔ ڈی پی او قصور محمد یحییٰ خان کی خصوصی ہدایت پر پولیس تھانہ بی ڈویژن کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کاروائی، لاکھوں روپے مالیت کی ایک کلو گرام آئس اور اڑھائی کلو گرام افیون برآمد۔ ایس ایچ او بی ڈویژن محمد اسلم بھٹی شہر میں منشیات کے خاتمے کیلئے متحرک۔ کوٹ پیراں کا رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش گلی حسین گرفتار جبکہ کوٹ غلام محمد کا رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف کالی ڈون گرفتار کر لیا گیا۔

رائیونڈ پولیس کی بڑی کارروائی، موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد۔ پولیس



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) رائیونڈ پولیس نے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے صوا اصل روڈ کے قریب سے تین رکنی ریکارڈ یافتہ موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان محمد الیاس، محمد شکیل اور کاشف علی لاہور کے مختلف علاقوں بشمول رائیونڈ، مانگا منڈی اور سندر میں اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے۔ ملزمان پولیس کو کئی مقدمات میں مطلوب تھے اور ان کے خلاف مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں نے رائیونڈ پولیس کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او رائیونڈ اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر شرقپور شریف میں شجرکاری مہم کا آغاز کیا گیا ہے

صوبائی وزیر قانون صہیب احمد بڑتھ، وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی اور ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے شرقپور کے نواحی گاؤں راوی کنارے پودا لگا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا



شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر شرقپور شریف میں شجرکاری مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر قانون صہیب احمد بڑتھ، وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی اور ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے شرقپور کے نواحی گاؤں راوی کنارے پودا لگا کر مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر ماحولیات کی بہتری کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ شرقپور شریف میں ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر شجرکاری مہم کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر قانون صہیب احمد بڑتھ، وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی، ایم پی اے رانا طاہر اقبال اور ایم پی اے پیر اشرف رسول نے شرکت کی۔ اس موقع پر سی او میونسپل کمیٹی جاوید چوہان، اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم، سینئر ڈی ایکٹر ملک تاج دی و دیگر بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں اور سموگ جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے درخت لگانا ہم سب پر فرض ہو چکا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ ہر شہری کم از کم ایک درخت لگائے اور اس کی حفاظت کرے۔ ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر راوی کنارے 43 ایکڑ پر 30 ہزار سے زائد پودے لگائے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ شجرکاری مہم کا مقصد نہ صرف ماحول کو سرسبز بنانا ہے بلکہ فضائی آلودگی کو کم کرنا بھی ہے۔ صوبائی وزیر قانون صہیب احمد بڑتھ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ''پلانٹ فار پاکستان'' وزیر اعلیٰ مریم نواز کا خواب ہے۔

سمال انڈسٹری کی ملحقہ آبادیوں کا راستے بند کرنے سے 20 ہزار افراد پریشان ہو رہے ہیں

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) فیصلہ واپس لیا جائے، متحدہ شہری محاذ کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس تفصیلات کے مطابق متحدہ شہری محاذ کے رہنماؤں چوہدری محمد منشاء کھکھ و دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ سابقہ وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری غلام حیدر وائیں شہید کی کوشش سے 1988 سے سمال انڈسٹری اسٹیٹ کا قیام ہوا، اور ساتھ ہی ملحقہ آبادیوں کیلئے سمال انڈسٹری سے راستہ بھی دیا گیا تاکہ راہگیروں کو آسانی ہو اور مین روڈ تک اپروچ کر سکیں، مگر اب سمال انڈسٹری اسٹیٹ کے افسران کی طرف سے راستے کو بند کر کے ملحقہ آبادیوں کو جو 20 ہزار سے زائد نفوس پر مشتمل ہے کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک کرتے ہوئے غلط فیصلہ کیا جا رہا ہے، انکا مزید کہنا تھا کہ سمال انڈسٹری میں غیر قانونی طور پر ایسی فیکٹریاں بھی قائم کی گئی ہیں جنکو قانون کے مطابق اجازت نہیں ہے، متحدہ شہری محاذ کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایک تو راستے کو بند کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے اور دوسرا غیر قانونی فیکٹریوں کو ختم کیا جائے اور ذمے دار افسران کے خلاف محکمانہ میرٹ پر انکوائری کر کے کاروائی عمل میں لائی جائے۔

آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے فاتحہ خوانی کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے فاتحہ خوانی کی ہے ڈپٹی کمشنر نے میاں خالد محمود سے ان کی اقامت گاہ پر ملاقات کر کے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر میاں تیمور خالد، ڈاکٹر خالد محمود شیخ، حاجی ڈاکٹر یاسر ندیم شیخ و دیگر نمائندہ افراد موجود تھے۔

غیر قانونی پیٹرول پمپس اور گیس ریفلنگ مشینوں کے خلاف بڑی کارروائیاں جاری



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری کی قیادت میں اسسٹنٹ کمشنرز کی غیر قانونی پیٹرول پمپس اور گیس ریفلنگ مشینوں کے خلاف بڑی کارروائیاں جاری ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور فرحمود منج نے سٹی پسرور میں غیر قانونی پیٹرول پمپس اور گیس ریفلنگ مشینوں کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے 7 غیر قانونی پیٹرول پمپس اور 2 غیر قانونی گیس ریفلنگ مشینز کو سیل کر دیا۔ یہ کارروائی عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت عمل میں لائی گئی۔ غیر قانونی پیٹرول اور گیس کی فروخت نہ صرف غیر معیاری ایندھن کی دستیابی کا باعث بنتی ہے بلکہ عوامی جان و مال کے لیے بھی شدید خطرہ ہے۔ تحصیل انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف مزید سخت اقدامات کیے جائیں گے اور کسی کو بھی انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوام سے بھی گزارش کی گئی ہے کہ وہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

مرید کے: دن دیہاڑے ڈکیتی و چوری کی وارداتیں شہری پریشان

مرید کے (تحصیل رپورٹر) شہر ڈاکوؤں کے حوالے دن رات ڈکیتیاں دن دیہاڑے تھانہ سٹی کے سامنے انڈر پاس میں شہری حذیفہ یاسین سے تین مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل پندرہ ہزار نقدی قیمتی موبائل چھین لیے عثمان حیات سے ڈاکوؤں نے بتیس ہزار نقدی چھین لی شہری عید قریب آتے ہی خوف میں مبتلا ہو گئے سٹی پولیس جرائم پر قابو پانے میں بے بس آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق تھانہ سٹی مرید کے کے سامنے انڈر پاس میں دن دیہاڑے تاجر حذیفہ یاسین تین مسلح ڈاکوؤں کے ہتھے چڑھ گیا ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل پندرہ ہزار نقدی موبائل چھین لیے اور فرار ہو گئے ڈاکو شہریوں کو لاکھوں روپے کیش رقم، لاکھوں روپے کی مشینری، موبائل فون و دیگر سامان سے محروم کر دیا

فنڈ زنوجوانوں کے کھیلنے کیلئے بے سود ثابت ہو گئے

مرید کے (تحصیل رپورٹر) میں کھیلوں کے میدان ٹھیکیداروں نے کرپشن کی نظر کر دیے پٹھے اسٹیڈیم میں کروڑوں روپوں کے فنڈ زنوجوانوں کے کھیلنے کیلئے بے سود ثابت ہو گئے اسٹیڈیم پانچ سال سے ابتک مکمل نہ ہو سکا نوجوانوں وکھلاڑیوں کو کھیلنے کی اجازت آج تک نہ مل سکی اسٹیڈیم سے قیمتی اشیا چوری ہونے کا انکشاف نوجوانوں وکھلاڑیوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے اور انکوائری کروانے کا مطالبہ تفصیل کیمطابق نوجوانوں کیلئے مرید کے میں کھیلوں کے میدان کرپشن کی نظر کر دیئے گئے کروڑوں روپوں کے فنڈ ٹھیکیداروں نے انتظامیہ کی ملی بھگت سے خورد برد کر لیئے فٹبال اکیڈمی ہو یاں پٹھے اسٹیڈیم یاں دیگر کھیلوں کے میدان تکمیل و مکمل انتظامیہ اور من پسند ٹھیکیداروں کی کرپشن کی مبینہ بھینٹ چڑھ گئے۔

تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کا معاملہ، میونسپل کمیٹی ملازمین کا کام چھوڑ کر احتجاج

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کا معاملہ، میونسپل کمیٹی ملازمین کا کام چھوڑ کر احتجاج، شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج کا پانی جمع ہو گیا تفصیلات کے مطابق تین ماہ کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میونسپل کمیٹی ملازمین کی طرف سے مکمل کام چھوڑ کر دھرنا دیا گیا اور احتجاج کیا گیا، درجنوں ملازمین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے نعرے بازی کی اور بتایا کہ تین ماہ سے تنخواہو


23 مارچ
2025
یوم قرارداد
پاکستان
Ch Abdul Qudus
قوت
راجہ سہیل کیانی
روزنامہ قوت: ڈسٹرکٹ بیورو چیف جہلم
تنویر احمد
شاہد مقبول قریشی
جاوید اقبال


23
MARCH
قوت
PAKISTAN
RESOLUTION DAY
راجہ ساجد اقبال رہنما تحریک انصاف
چوآسیدن شاہ ضلع چکوال


قوت
میاں محمد فیاض
چیف ایڈیٹر روزنامہ "قوت"
چوہدری عبدالرزاق
کرائم رپورٹر سیالکوٹ
کرائم رپورٹر سیالکوٹ چوہدری عبدالرزاق کی جانب سے یوم پاکستان کے پرمسرت موقع پر قوم کو دلی مبارکباد۔
Pakistan Day
23 March


قرارداد پاکستان
یوم پاکستان مارچ
PAKISTAN DAY
قوت
منجانب
حاجی خلیل احمد عماد کنسٹرکشن کمپنی بہاول پور


23 مارچ
1940
قرارداد پاکستان
روزنامہ قوت
محمد اشفاق ڈھلوں
بیورو چیف روزنامہ قوت ننکانہ صاحب


ہم تو مٹ جائیں گے اے ارضِ وطن لیکن
تم کو زندہ رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک
قوت
قرارداد پاکستان
23 MARCH 2021
یوم پاکستان
رانا ذیشان اسلم
رانا سلمان اسلم
رانا رمضان اسلم
رانا رحمان اسلم


قوت
میاں محمد فیاض
چوہدری مقصود
تحصیل رپورٹر
تحصیل رپورٹر منچن آباد کی جانب سے قوم کو یوم پاکستان کے پرمسرت موقع پر مبارکباد۔
Pakistan Day
23 March


قوت
میاں محمد فیاض
محمد فہد
تحصیل رپورٹر
تحصیل رپورٹر مریدکے کی جانب سے قوم کو یوم پاکستان کے موقع پر دلی مبارکباد۔
Pakistan Day
23 March

اشاعت خاص

23 مارچ 2025ء

بیورو آفس فیصل آباد
روزنامہ ''قوت'' لاہور


رومان علی رومی
فوٹو گرافر


اشرف خان
کرائم رپورٹر


ملک بشیر احمد
ڈپٹی سٹی بیورو چیف


افشاں بتول
ڈویژنل بیورو چیف


میاں محمد ساجد
سٹی بیورو چیف


مسعود احمد بھٹہ
ڈپٹی ڈویژنل بیورو چیف











